شہوتوں سے اسکو روکا کر شفاعت اب قبول
یوں کرے گا عرض تب قرآن بھی ای کردگار

نیند سے اسکو رکھا تھا دور ہیں نے شب
پس شفاعت کرے گی یہ قرآں ہی پروردگار

پس شفاعت کو قبول لیگا خدا ہر دو کی تب
بخشدیگا روزہ داروں کو بفضل بیشمار

اور نبی نے فرمایا بھی جھوٹ گر چھوڑا نہیں
اور فقط کھانا و پانی چھوڑیگا گر روزہ دار

لیگا روزہ دار کی حاجت نہیں اللہ کو
اور فرمائے ہیں وہ پیغمبر عالی وقار

کہ بغیر از بھوک کے اور پیاس روزہ سے کچھ
حصہ پاویںگے نہیں ایسے بہت ہیں روزہ دار

اور فرمایا کہ روزہ وہ نہیں جو چھوڑ دیں
صرف کھانا اور پانی پر نہ چھوڑیں شر کے کار

ہے یہ روزہ کی حقیقت چھوڑ دیں سب معصیت
اور رکھا تو گوش و چشم منہ سے بھی ہو روزہ دار

مومنونکو اور ہمسایہ کو اپنے مت ستا
اور حراموں پر نظر مت کر کبھی تو زینہار

جھوٹ اور غیبت سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے یقیں
نزد داؤد ظاہری امام عالم تقویٰ شعار

تہمت و بہتان و غیبت اور بد باتیں تمام
گر نہ چھوڑے روزہ نا مقبول ہوا دیندار

روزہ سے مقصود شہوت توڑنا ہے نفس کی
ایسے روزہ سے نہ ہوگا نفس [illegible]

نفس کے شہوات و خواہش چھوڑ دے مومنو
نفس امارہ کا ہوگا مطمئنہ میں شمار

بخشدے جرم و خطا سب مومنوں کی ای خدا
ظل رحمت میں تیرے خواجہ ہے ای کردگار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَامِعِ هٰذِهِ الْاَبْيَاتِ وَلِاٰبَائِهٖ وَاُمَّهَاتِهٖ وَاَهْلِهٖ وَعِيَالِهٖ وَاَسْلَافِهٖ وَاَخْلَافِهٖ وَارْحَمْهُمْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اِنَّكَ سَمِيْعٌ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

یہ خطبہ شب قدر | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | کی فضیلت میں ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ الَّذِیْ اَوْعَدَ لِمَنْ عَصَاهُ بِقَهْرِهٖ

لَهِيْبَ النَّارِ وَالْاِحْرَاقِ نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

لَا شَرِيْكَ لَهٗ شَهَادَةً تُنَجِّيْ قَائِلَهَا مِنَ الْمَآلِمِ وَالْمَتَاعِبِ وَالْمَشَاقِّ

وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهُ النَّذِيْرُ

الْعُرْيَانُ لِلنَّاسِ مِنْ مُخَالَفَةِ اللّٰهِ وَالشِّقَاقِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مَا دَامَ لِلنَّارِ التَّلَهُّبُ وَالْاِحْرَاقُ

اَمَّا بَعْدُ فَيَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ تَفَكَّرُوْا فِيْ عَوَاقِبِ الْاُمُوْرِ كَيْفَ

حَالُكُمْ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ وَقَامَ

الْخَلَائِقُ لِلنُّشُوْرِ وَحُشِرَ الْمُتَّقُوْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا وَسِيْقَ

الْمُجْرِمُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا وَاشْتَدَّ الْغَضَبُ وَحُدِّدَ اللَّهَبُ

وَجَاءَتْ جَهَنَّمُ بِظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ

مِنَ اللَّهَبِ تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ كَاَنَّهَا جِمَالَةٌ صُفْرٌ فَغَلَبَ

عَلَى الْجَمِيْعِ الْخَوْفُ وَالرَّهَبُ وَاَيْقَنَ الْمُجْرِمُوْنَ بِالطَّلَبِ وَ

عَايَنَ الظَّالِمُوْنَ سُوْءَ الْمُنْقَلَبِ فَلَا يُرْجٰى مِنْهَا الْخَلَاصُ

وَالْاِطْلَاقُ فَهِيَ دَارُ الْاِحْرَاقِ وَبَيْتُ الْخِزْيِ وَالْخِذْلَانِ

وَالذُّلِّ وَالْهَوَانِ لَيْسَ لِلْكَافِرِيْنَ مِنْهَا الْاَمَانُ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ

الْخُلُوْدُ فِيْهَا وَالنِّسْيَانُ يُنَادُوْنَ فِيْهَا وَيَسْمَعُوْنَ هٰذِهٖ

جهنم التی یکذب بها المجرمون یطوفون بینها و بین حمیم ان
یس لهم من اسرها الفکاك و الخلاص و لات حین مناص من
نقلو بهم معذبة بین صدود و ابعاد و حجاب و فراق لا
یذوقون فیها بردا و لا شرابا الا الحمیم و الغساق ینادون
فیها من تراکم الالم و العقاب و تزاحم اللهب و العذاب
لهم فیها بالدمار و الثبور ضجیج یا الویل عویل و عجیج
یا مالك حق علینا الوعید یا مالك قد اثقلنا الحدید
یا مالك قد نضجت منا الجلود یا مالك اخرجنا منها فانا
لا نعود ما لهم من الله من واق لها سبعة ابواب لکل باب
منهم جزء مقسوم طعامهم فیها الزقوم و شرابهم فیها الصدید
و الرصاص المذاب فیا ذل من ذاق شرّ هذا المذاق فابکوا
علی انفسکم قبل ان تحیروا بین الخجل و الاطراق و اتقوا الله حق
تقاته و لا تموتن الا و انتم مسلمون لتذوقوا من الرحیق
المختوم و اهنأ الاذواق و الذ المذاق ۔ انتہی ۱۲ مرد

فکر کیجئے مومنو کیا ہوویگا انجام کار
قبر سے مردے اٹھیں جب دل ہو آشکار

ہانکے جاوینگے جہنم کی طرف عاصیاں
اتقیا کا حشر ہوگا سوی رب کردگار

سخت ہوویگا غضب دوزخ کے شعلے ہونگے تیز
جوش پر ہوگی جہنم سخت ترائی وستدار

خوف غالب ہوگا سب پہ یقیں ہوگا نہیں
ہوویگی اعمال کی ہم سے طلب از کردگار

اور اس پل کی دوزخ سے نہ ہوویگی امید
حزن وغم کا گھر ہے وہ حق کے غضب کا ہی بجا

کافروں کو اس میں رہنا ہی ہمیشہ کیلئے
وہ سنینگے اسطرح حق کے منادی کی پکار

یہ جہنم وہ ہی جھٹلاتے تھے جسکو مجرمین
اس سے اب انکو نہیں ہوگی رہائی زینہار

سات طبقے ہیں جہنم کے تو ہر یک کے لئے
مجرموں کو کردیا مقسوم ہے پروردگار

دوزخی کرتے رہینگے اس میں واویلا مدام
وہ گدہوں کے مثل چلاتے رہینگے بار بار

یوں کہینگے ہے یہ بہاری ہوگئی ہین ٹریاں
پائے ہم اپنے گناہوں کی سزا بیشمار

پک گئے چمڑے ہمارے اس سے ای مالک نکال
پھر نہیں ہرگز کرینگے کوئی جرم کردگار

شیش پگلا کر پلاوینگے انہیں پیپ و خون
اور گرم پانی غذا بھی سینڈہ ہوگی خاردار

دوزخی ٹھنڈک نہ پاوینگے وہاں کوئی طرح
ہر طرف سے ہوویگی رسوائی اور لعنت کی مار

تم ڈرو اللہ سے جیسا کہ حق ڈرنیکا ہے
کام آویگا یہی تقویٰ بروز گیرودار

موسم طاعت ہے بیشک ماہ رمضان شریف
کیجئے اللہ کی طاعت میں کوشش بیشمار

باندھتے تھے حق کی طاعت میں کمر اپنی مدام
عشرۂ آخری میں ہی رمضان کے شاہ خیار

رات بھر بیدار رہتے تھے عبادت میں رسول
کرتے تھے وہ اپنے گھر والوں کو بھی ہوشیار

تھے ہوا سے بھی زیادہ آپ اس مہ میں سخی
صدقہ و طاعت تھے اس عشرہ میں کرتے بیشمار

اور اسی عشرہ میں کرتے تھے یقیناً اعتکاف
عمر بہر اسکو نہ چھوڑے سید عالی وقار

پر ہوا اتفاق یک رمضان میں جب اعتکاف
سال آیندہ کے اُسکو ادا شاہ خیار

دوسرے رمضان میں پس معتکف تھے بیس دن / معتکف رمضان میں تم بھی ہوئے ہو دیندار

عشرۂ آخری میں جو رمضان کے ہو معتکف / اجر دو حج اور دو عمرہ کا پاویگا وہ یار

قدر کی شب عشرۂ آخری میں ڈھونڈو مومنو / اسکی برکت سے نہ ہو محروم کوئی دیندار

اسطرح مروی ہے عبداللہ بن عباسؓ سے / ہے ابو اللیثؒ سمرقندی پہ اس کا اعتبار

ہوتے ہیں دنیا میں نازل قدر کی شب جبرئیل / لیکے یک فوج ملائک اپنے ہمرہ باوقار

سبز جھنڈا پشت پر کعبہ کے کرتے ہیں نصب / ملتے ہیں مسجد میں وہ از مومن و تقوی شعار

مومنوں کو کرتے ہیں آکر ادب سے بھی سلام / ہاتھ میں وہ ہاتھ لے کرتے ہیں عزت بیشمار

جب دعا کرتے ہیں مومن کہتے ہیں آمین وہ / صبح صادق تک یہی رہتا ہے انکا نیک کار

صبح صادق ہووے جب کہتے ہیں جبرئیل امیں / سب ملک کو آسمان پہ اب چلو اے باوقار

تب ملائک پوچھتے ہیں کہہ دو اے روح الامیں / کیا کرم حق نے کیا بر امت شاہ خیار

کہتے ہیں سب امت احمد کو بخشا ہے خدا / پر نہ بخشا چار شخصوں کو یقیں پروردگار

ایک وہ ہے جو کہ پیتا ہے ہمیشہ ہی شراب / دوسرا دیگا ایذا ماں باپ کو جو نابکار

تیسرا ہے کاٹنے والا قرابت کا یقیں / اور چوتھا ہے مشاحن یعنی بغض و کینہ دار

دل میں کینہ اپنے مومن بھائی سے جو کوئی رکھے / وہ نہ بخشا جاویگا وہ ہے مشاحن بدشعار

قدر سمجھے قدر کی شب کی مسلمانو ذرا / طاعت حق میں گذارو رات اسمیں اے ابرار

تم نوافل بے جماعت جسقدر چاہو پڑھو / بے جماعت مذہب حنفیؔ میں ہے مکروہ کار

مسجدوں میں روشنی حد سے زیادہ مت کرو / مت کرو فخر و بڑائی اسپہ نازو افتخار

عہ التطوع بالجماعۃ علی سبیل التداعی یکرہ ۱۲ فتاوی عالمگیری

اور آتش بازی و لہو لعب سے دوستو	مسجدوں کو مت تماشہ گہ بناؤ زینہار
بھولکے رکھو مسجدوں میں تم سماع کو کبھی	لہو و بازی میں کرو اسراف مت ای دیندار
خواجہ مسکین پر بفضل و کرم کر ای خدا	بخشدے جرم و خطا ہم سب کے ای پروردگار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِمُؤَلِّفِ هٰذِهِ الْخُطْبَةِ الْمُؤَثِّرَةِ وَلِاَهْلِهٖ وَعِيَالِهٖ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَا مَنْ بِيَدِهٖ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

رمضان شریف	بسم اللہ الرحمن الرحیم	کا آخر خطبہ اولیٰ

سُبْحَانَ الَّذِيْ نَوَّرَ قُلُوْبَ اَوْلِيَائِهٖ بِاَنْوَارِ الْوِفَاقِ وَرَفَعَ قَدْرَ اَصْفِيَائِهٖ فَعَلَا ذِكْرُهُمْ فِي الْاٰفَاقِ وَكَانَ وَعَدَ لِمَنْ اَطَاعَهٗ بِنَعِيْمِ جِنَانِهٖ وَرُؤْيَتِهٖ يَوْمَ التَّلَاقِ وَاَعَدَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا حَدَائِقَ وَاَعْنَابًا وَشَرَابًا سَائِغًا لَذِيْذَ الْمَذَاقِ نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ شَهَادَةً صَفَا مَوْرِدُهَا وَرَاقَ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ مَفَاتِيْحِ الْاَغْلَاقِ صَلٰوةً كَامِلَةً مُتَوَالِيَةً مَا غَنَّتِ الْوُرْقَاءُ عَلَى الْاَوْرَاقِ۔

اَمَّا بَعْدُ فَيَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ وَلَا تُهْمِلُوْا نُفُوْسَكُمْ فِيْ مَعْصِيَةِ الْمَلِكِ الْقَوِيِّ الْقَادِرِ عَلٰى تَعْذِيْبِ كُلِّ غَادِرٍ فَمَا لَكُمْ

جنة الله عباد يبعثون حيث اعجزتكم الحيل والمعاذير يا
ايها المشتاقون للقاء الرحمان اثيروا نار الاشتياق واحرقوا
متاع البعد والفراق من جوار رحمة الله الخلاق ودعوا الشهوات
واتركوا البدعات فانها الموبقات المهلكات كما قال سيد
البريات حفت الجنة بالمكاره وحفت النار بالشهوات
فتحملوا المكاره والمشاق فالقوا في اراضي القلوب حب الحب
وبذر طاعة المحبوب فينبت لكم غرس السعادة كما ارسل الله
اليها غيث العناية والمراحم والاشفاق وساق وسقاها
ورقاها حتى استوى نبات السعادة على ساق وزينها من افنان
من الكرامة والاوراق وازهرها بازهار رحمة الله اللين
الرقاق واثمرها باثمار المغفرة والرضوان وللذائذ نظر
رحمة الله الرزاق فلله در من مال الى الله واعرض
عن المال وما مال الى الامال وتامل في المآل فاحسن الحال
واصلح الاعمال وآل الى نعيم الدار الآخرة الباقية فاشتاق

کیجیے اے مومنو تم طاعت پروردگار
رب تمہارا اور تمہارے ہی سلف کا کردگار

معصیت میں حق کی مت چھوڑو تمہارے نفس کی
کیا کروگے عذر تم نزد خدا اے دیندار

آتش عشق الٰہی کیجیگا تیز تر
سب جلا دو ہجر کے اسباب اے عالی وقار

چھوڑ دو شہوات اور بدعات کو یہ ہیں شدہ ۔ جلد حاصل کیجیئے گا قرب رب کردگار

سختیوں میں جنت الفردوس گھیری ہوئی ۔ شبہ ہیں نفس کے شہوات دوزخ کی حصار

تم گوارا گر کرو گے سختیوں کو دین کے ۔ جنت الفردوس میں ہوگا تمہارا بھی قرار

تخم عشق حق زمین قلب میں بو دیجیے ۔ ہو ویگا پیدا سعادت کا شجر پُر برگ و بار

بارش رحمت خدا برساویگا اس جہاڑ پر ۔ مغفرت کے پھول واں ہو ویں گے اس میں بیشمار

مال سے منہ پھیر کر مائل ہو حق کی طرف ۔ اور عمل اچھے کرو اچھا ہو تا انجام کار

رحمت حق ہوتی ہے نازل ماہ رمضان میں ۔ ہے یقیں تم پر خدا کا فضل بیحد و شمار

دست بستہ خدمت مالک میں تم قائم رہو ۔ اور پڑھو قرآن کو کثرت سے لیل و نہار

ہے حدیثوں میں کہ دو فرحت ہیں روزہ دار کو ۔ فرحت افطار یک دیگر لقائے کردگار

ہے حدیثوں میں کہ فرمایا رسول اللہ نے ۔ مشک کی بو سے بھی بہتر بوئے دہن روزہ دار

کیجیے روزوں کو کامل ذکر و طاعات سے ۔ فحش اور بیہودہ باتیں مت کرو تم زینہار

گر کوئی تم سے لڑے یا دیوے گالی جہل سے ۔ تم کہو بدلہ نہ لونگا تجھ سے میں ہوں روزہ دار

آہ اب رخصت ہوا چھا ہے رمضان بصد حسرت ۔ نیک کاموں سے کریں رخصت اسے سب دیندار

عید کے دن صبح جب ہوتی ہے از حکم خدا ۔ ہوتے ہیں شہروں میں نازل تب ملک بیشمار

راستوں پر وہ کھڑے رہکر یہ کرتے ہیں ندا ۔ اب چلو حق کیطرف یا جزائے کردگار

تمکو دیگا خدا روزوں کا اب نعم البدل ۔ بخش دیگا سب گناہوں کو تمہارے کردگار

عیدگہ جا کر نماز عید سے فارغ ہوں جب ۔ پوچھتا ہے یوں فرشتوں سے خدائے کردگار

اب کہو مزدور کی کیا ہی جزا سو وقت وہ — جانفشانی سے کریگا کام ور سر دھر بار
تب فرشتے کہتے ہیں ای کارساز بے نیاز — اسکو پورا اجر دینا چاہئے ای پروردگار
تب کہیگا حق فرشتو سب تم شاہد رہو — سب مرے بندے جسقدر رمضان میں تھے روزہ دار
میری طاعت میں جو راتوں کو کھڑے رہتے تھے وہ — اُن سے میں راضی ہوا بخشا ہوا انکے رشتہ کار
اور بندوں سے کہیگا مجھ سے مانگو کل مرا — میں عطا تمکو کرونگا مقصد دل بے شمار
صدقہ عید الفطر لازم ہے گندم نصف صاع — یا فقط قیمت ادا کر دیجئے ای دیندار
ہو وینگے روزہ معلق درزمین و آسمان — فطر کا صدقہ ادا جب تک نہ ہوگا با وقار
بخشدے سب مومنو کو یا الٰہی فضل سے — خواجہ مسکین پر نظر کرم کر بے شمار

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِمُؤَلِّفِ ھٰذِہِ الْکَلِمَاتِ وَلِاٰبَائِہٖ وَاُمَّھَاتِہٖ وَاَحْبَابِہٖ وَعِیَالِہٖ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّکَ سَمِیْعٌ مُجِیْبُ الدَّعَوَاتِ

ماہ شوال کے پہلے جمعے کا — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — پہلا خطبہ

سورۂ فاتحہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ نَحْمَدُہٗ فِیْ کُلِّ اٰنٍ وَحِیْنٍ وَفِیْ کُلِّ الْاُمُوْرِ مِنْہُ نَسْتَعِیْنُ نَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ شَھَادَۃً تَنْفَعُ الشَّاھِدِیْنَ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَمَنْ تَبِعَھُمْ بِالْحَقِّ وَالْیَقِیْنِ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَطِیْعُوا اللّٰہَ

سورۂ محمد

وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْا اَعْمَالَکُمْ فَفِرُّوْا اِلَی اللّٰہِ وَلَا تَجْعَلُوْا
مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ اِنِّیْ لَکُمْ مِّنْہُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ کُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا کَسَبَتْ رَھِیْنَۃٌ
اِلَّا اَصْحٰبَ الْیَمِیْنِ فِیْ جَنّٰتٍ یَتَسَآءَلُوْنَ عَنِ الْمُجْرِمِیْنَ مَا سَلَکَکُمْ فِیْ سَقَرَ
قَالُوْا لَمْ نَکُ مِنَ الْمُصَلِّیْنَ وَلَمْ نَکُ نُطْعِمُ الْمِسْکِیْنَ وَکُنَّا نَخُوْضُ
مَعَ الْخَآئِضِیْنَ وَکُنَّا نُکَذِّبُ بِیَوْمِ الدِّیْنِ حَتّٰی اَتٰنَا الْیَقِیْنُ فَمَا تَنْفَعُھُمْ
شَفَاعَۃُ الشّٰفِعِیْنَ وَاِنَّہٗ لَحَسْرَۃٌ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ وَاِنَّہٗ لَحَقُّ الْیَقِیْنِ
اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْیَانَہٗ عَلٰی تَقْوٰی مِنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانٍ خَیْرٌ اَمْ مَّنْ
اَسَّسَ بُنْیَانَہٗ عَلٰی شَفَا جُرُفٍ ھَارٍ فَانْھَارَ بِہٖ فِیْ نَارِ جَھَنَّمَ وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی
الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ لَا یَزَالُ بُنْیَانُھُمُ الَّذِیْ بَنَوْا رِیْبَۃً فِیْ قُلُوْبِھِمْ اِلَّا اَنْ
تَقَطَّعَ قُلُوْبُھُمْ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ
اَنْفُسَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیَقْتُلُوْنَ
وَیُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَیْہِ حَقًّا فِی التَّوْرٰىۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ وَ
مَنْ اَوْفٰی بِعَھْدِہٖ مِنَ اللّٰہِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِہٖ
وَذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا
مَعَ الصّٰدِقِیْنَ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَۃً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِکَ
مِنَ الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ رَبَّنَا ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا
لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ

مدثر ع

حاقہ ع

توبہ ع

یونس ع

اعراف ع

ستـ کیجئے ای مومنو تم طاعت پروردگار
طاعت جبار الوری بھی کیجئے لیل و نہار

بھاگ کر آو طرف اللہ کے مشرک نہ ہو
مت کرو باطل عمل اپنا عزیزو زینہار

ہے گرو رکھا ہوا ہر نفس اپنے کام میں
ہووینگے جنت میں اصحاب الیمین باوقار

مجرموں سے اسطرح پوچھینگے اصحاب الیمین
کس لئے دوزخ میں ہو تم کسلئے ہو حال زار

تب کہینگے دوزخی ہم بے نمازی تھے مدام
جانتے تھے جھوٹ ہے روز قیامت گیرودار

اور مسکینوں کو ہم کھانا کھلاتے ہی نہ تھے
اسلئے ہے آج حسرت ہمکو اور ذلت کی مار

دوستو حق نے خریدا مومنوں کی جان و مال
اور عوض انکو دیا فردوس ہے پروردگار

صادقوں کے ساتھ ہوجاؤ ڈرو اللہ سے
طاعت حق کیجئے اس ماہ میں ای دوستدار

یہ مہ شوال ہے پس ستہ شوال کے
رکھو چھے روزے کہیں ہے سنت شاہ خیار

دوسرے دن عید کے روزہ رکھو یا متفرق رکھو
ہر طرح شوال میں چھ روزے رکھو بعد از عید

ہے حدیثوں میں کہ کل رمضان جو روزے رکھے
اور چھے روزے رکھے شوال میں نیک کار

گویا اس نے سال بھر روزہ رکھا دوستو
سال کے روزوں کا بھی پائیگے اجر بیشمار

ایک روزے کے عوض چالیس دن کی نیکیاں
فضل سے اپنے عطا اسکو کریگا کردگار

اور عذاب قبر سے بھی اسکو ہو دیگا امان
اور بچیگا حشر کی تکلیف سے وہ نیک کار

یا الہی ہم کو دے توفیق طاعت کی مدام
بخشدے مسکین خواجہ کو ز لطف بیشمار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَامِعِ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ الْبَيِّنَاتِ وَلِاٰبَائِهٖ وَاُمَّهَاتِهٖ
وَاَهْلِهٖ وَعِيَالِهٖ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ سَمِيْعٌ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

پہلے خطبہ پڑھے | بسم اللہ الرحمن الرحیم | پھر یہ سب پڑھا جا سکتا ہے

الحمد لله بديع السموات والارض واذا قضى امرا فانما يقول
له كن فيكون سبحانه بل له ما في السموات والارض كل له
قانتون . نشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له ونشهد
ان سيدنا ومولانا محمدا عبده ورسوله صلى الله عليه و
على اله واصحابه وسلم الى ما عبد الله العابدون . يايها الذين
امنوا لا تاكلوا الربوا اضعافا مضاعفة واتقوا الله لعلكم تفلحون
واتقوا النار التي اعدت للكافرين واطيعوا الله والرسول
لعلكم ترحمون . الذين ياكلون الربوا لا يقومون الا كما يقوم
الذي يتخبطه الشيطن من المس ذلك بانهم قالوا انما البيع
مثل الربوا واحل الله البيع وحرم الربوا فمن جاءه موعظة من
ربه فانتهى فله ما سلف وامره الى الله ومن عاد فاولئك
اصحاب النار هم فيها خالدون يمحق الله الربوا ويربي الصدقت
والله لا يحب كل كفار اثيم يايها الذين امنوا اتقوا الله و
ذروا ما بقي من الربوا ان كنتم مؤمنين فان لم تفعلوا فاذنوا
بحرب من الله ورسوله وان تبتم فلكم رءوس اموالكم
لا تظلمون ولا تظلمون وان كان ذو عسرة فنظرة الى

سورۂ نور — سورۂ آل عمران — سورۂ بقرہ

مَیْسَرَۃٍ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ وَاتَّقُوْا یَوْمًا
تُرْجَعُوْنَ فِیْهِ اِلَی اللّٰهِ ثُمَّ تُوَفّٰی کُلُّ نَفْسٍ مَّا کَسَبَتْ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ
رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِیْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَا
اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا
بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا
عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ

سورۂ بقرہ

ای مسلمانو کرو تم طاعت پروردگار — تم غضب سے حق کے ڈرتے رہیو لیل و نہار
ہے حرام سخت لینا اور دینا سود کا — کہا دست سود اضعافاً مضاعف زینہار
نار دوزخ کافروں کیواسطے تیار ہے — حق کی طاعت کیجئے اور طاعت شاہ خیار
تا کہ رحمت حق کی نازل ہووے تم پر ہو سنو — ست کرو ہرگز خلاف حکم رب کردگار
جسطرح آسیب سے شیطان کے خبطی ہو کوئی — قبر سے اپنے اٹھینگے یوں ہی سارے سود خوار
کیونکہ ان کا قول تھا ہے بیع بھی مثل ربا — بیع جائز سود ناجائز کیا پروردگار
جو عمل اچھے کرے قائم نمازونکو کرے — اور زکات مال بھی دیوا گر ایماندار
خوف و ڈر انکو نہ ہوگا غم نہ ہوگا حشر میں — پاس اللہ کے ملیگا انکو اجر بیشمار
سو سنو حق سے ڈرو تم سود خواری چھوڑ دو — ورنہ تم لڑنے کو ہو تیار از پروردگار
حق تعالیٰ سے جو لڑنیکے لئے تیار ہو — ہوویگا بیحد وہ رسوا اور ذلیل و خوار زار
گر کوئی مقروض ہو جاوے تمہارا تنگدست — اسکو آسانی ہے ملنے تک کیجئے تم انتظار

ایکدن واپس تمہیں جانا ہے پاس اللہ کے	پورا بدلہ پاؤگے ہر کام کا ای دوستدار
پس ڈرو اس روز سے جس روز ہوگی پیشی وہ	حق تعالی ایکطرف ہوویگا تم سب کا قرار
مومنو توبہ کرو اپنے گناہوں سے مدام	مغفرت مانگو خدای پاک سے لیل و نہار
یا الہی بخشدے ہم سب کو تیرے فضل سے	خواجہ مسکین کو بھی بخشدے ای کردگار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَامِعِ هٰذِهِ الْاَبْيَاتِ وَلِقَارِئِهَا وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

یہ خطبہ قرانیہ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	ہر وقت پڑھا جاسکتا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ وَخَلَقَ ذُرِّيَّتَهٗ مِنْ مَّاءٍ مَّهِيْنٍ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَهُوَ الْمُسْتَعَانُ نِعْمَ الْمُعِيْنُ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ شَفِيْعُ الْمُذْنِبِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ

سورۂ جمعہ — سورۂ ہود — سورۂ بقرہ

نمبر ۲۱

وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ فَاِنَّ اللّٰہَ بِہٖ عَلِیْمٌ
یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ لَا یَضُرُّکُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اھْتَدَیْتُمْ
اِلَی اللّٰہِ مَرْجِعُکُمْ جَمِیْعًا فَیُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا
اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاکُمْ لِمَا یُحْیِیْکُمْ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ
یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِہٖ وَاَنَّہٗ اِلَیْہِ تُحْشَرُوْنَ وَاعْلَمُوْا
اَنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَۃٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ اَجْرٌ عَظِیْمٌ
یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْا اَمٰنٰتِکُمْ
وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

سورۂ مائدہ
انفال

بیاں ای سنو سن لو ہے جمعہ کی فضیلت کا
کہ بیشک سید الایام ہے یہ دن سعادت کا

عروبہ نام تھا جمعے کا ایام جہالت میں
ہوا اسلام میں مشہور جمعہ دن فضیلت کا

اشارہ اس کا یوم الجمعہ لاریب ثابت ہے
بروز جمعہ قائم ہوگا بیشک دن قیامت کا

مبارک دن ہے عید المومنین نام ہے اسکا
کیا ہے حکم حق نے اسطرح اسکی عبادت کا

اذان جمعہ جب ہووے تو دوڑو سوئے ذکر اللہ
تمہارا چھوڑ دو سب کام بھی بیع و تجارت کا

حرام سخت ہے بیع و تجارت وقت جمعہ کے
ذروا البیع ہے مثبت حکم تحریم تجارت کا

لکھا ہے غنیۃ الطالبین میں غوث اعظم نے
کہ مذہب اسطرح ہے ایک علما کی جماعت کا

شب جمعہ ہے افضل قدر کی شب سے کہ ہفتہ
مکرر اجر ملتا ہے یقیں اسکی عبادت کا

لباس فاخرہ پہنو لگاؤ عطر اور خوشبو
چلو مسجد کو جلدی ہی ملیگا اجر عجلت کا

بغیر عذر شرعی تین جمعے گر کوئی چھوڑے
ہوا وہ [illegible] شیطان قابل ہوا ملامت کا

وہ پیچھے پیٹھ کے اسلام کو ڈالا ہی ہو گرچہ
ہوا دل اس کا کالا زنگ سے عیاں قیامت تک

مرے جو جمعے کے دن وہ شہیدوں میں ہوا داخل
عذاب قبر سے اسکو نہ ہوگا ڈر ہلاکت کا

بروز جمعہ کہف و ہود کا سورہ پڑھو دائم
ملیگا اجر قرآن مبارک کی تلاوت کا

بوقت ہر دو خطبہ مت پڑھو ہرگز نمازیں تم
دیا ہے مفتیان دین نے فتوی کراہت کا

کہا تفسیر والوں نے کہ ذکر اللہ خطبہ ہے
سنو خاموش خطبہ تا ادا ہو حق سماعت کا

اگر کرتا ہو کوئی بات مت کہہ خاموش
کہ یہ بھی بات ہے بیشک سبب ہی یہ کراہت کا

دعا اللہ سے مانگو کہ یا رب بخش دے ہمکو
کرم تیرا ہو جامع پر کہ وہ بندہ ہے طاعت کا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَامِعِ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ وَلِاٰبَائِهٖ وَاُمَّهَاتِهٖ وَاَهْلِهٖ وَعِيَالِهٖ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ سَمِيْعٌ مُّجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

یہ خطبہ ہر وقت | بسم اللہ الرحمن الرحیم | پڑھا جا سکتا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا وَّاَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ فَهَدٰى كُلٌّ يُّسَبِّحُوْنَهٗ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ وَيُكَبِّرُوْنَهٗ تَكْبِيْرًا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهُ الَّذِيْ اَرْسَلَ اِلَى النَّاسِ كَآفَّةً بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا اَمَّا بَعْدُ فَيَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ

اشتری من المؤمنین انفسهم واموالهم بان لهم الجنة

وکان ذلک علی الله یسیرا اما تتقون یوم یقوم الروح

والملئکة صفا لا یتکلمون الا من اذن له الرحمان وقال صوابا

ویکون علی الکافرین عسیرا اما تعلمون ان الدنیا دار البوار

وان الاخرة هی دار القرار من عمل صالحا فلنفسه و

من اساء فعلیها فلن تجد لنفسه ولیا ولا نصیرا وادخروا

ذخائر الحسنات لتترکوا سفینة النجاة من الهلکات

یوم یفر المرء من اخیه وامه وابیه وصاحبته وبنیه لکل امرء منهم

یومئذ شان یغنیه فلا یجدون لهم ولیا ولا نصیرا و

تذکروا الموت الذی لیس منه الفوت وتهیئوا للرحیل و

تزودوا للسفر الطویل وتوبوا من الذنوب الی الله الجلیل

وافعلوا الخیر ولا تنسوا المناقشة علی الکثیر والقلیل فان الله

کان بما تعملون خبیرا اذا دفنتم فی القبور یاتی الیکم

الملکان للسوال عن ربکم ونبیکم ودینکم ان اجبتم بلغتم

الامال ذلک فضل الله یؤتیه من یشاء الیه مرجعکم جمیعا

فینبئکم بما کنتم تعملون ولا تظلمون لدیه نقیرا ومن لم

یجبهما الجواب بالصواب یضیق علیه القبر وتختلف

وَاَضْلَاعُهُ وَيَدُوْمُ عَلَيْهِ الْعَذَابُ حِيْنَئِذٍ لَا يَنْفَعُ الْمَالُ وَ
لَا الْبَنُوْنَ وَالْاَحْبَابُ تَلْدَغُهُ الْاَفَاعِيْ وَالْحَيَّاتُ وَالْعَقَارِبُ
لَا يُنْجِيْهِ الْاَخِلَّاءُ وَالْاَقَارِبُ وَلَمْ يَكُ اَحَدٌ مُعِيْنًا وَلَا ظَهِيْرًا
رَبَّنَا اٰمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ
وَاجْعَلْنَا مِنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ سَعِيْرًا۔

یا ایہا الناس اتقوا حق سے ڈرو آن ہر دم
ہم پر ہے بیحد مومنو اللہ کا فضل و کرم

اسنے خریدا مال و جاں سب مومنوں کے بیگماں
دیکر عوض باغ جناں فردوس کے ناز و نعم

سارے ملک صف باندھکر ہوں گے کھڑے جس وقت پر
ہوویگا سب کے دل میں ڈر از قہر قہار حکم

خاموش ہوں گے سب سبھی جسکو دیگا اذن رب
حق سے شفاعت کی طلب چاہیگا از وجہ اتم

یک روز ایسا آویگا ہر شخص تھرا جاویگا
بدلہ عمل کا پاویگا نزد خدا بے بیش و کم

خویش و برادر مال و زر فرزند و زن مادر پدر
سب اپنی اپنی فکر کر ہوں گے پریشاں پر الم

بھائی کو بھائی چھوڑ کر عورت کو شوہر چھوڑ کر
ماں باپ سے منہ موڑ کر بھاگیگا بیٹا بھی ہم

پس حشر کا کچھ خوف کر تیار کر زاد سفر
اپنا عمل اپنا ہنر کام آویگا ای باکرم

مت کر بھروسا غیر پر شہوات کی مت سیر کر
ہر دم تو کار خیر کر کچھ خرچ کر دام و درم

قائم نہیں یہ زندگی اللہ کی کر بندگی
تا ہو شیریں خورسندگی ہو تجھپہ مولی کا کرم

جو مالک تاج و نگیں تھے سرو قد جو نازنیں
سب چل بسے زیر زمیں جاتا رہا جاہ و حشم

زیر زمیں ہیں سب نہاں جو پیلتن تھے پہلواں
ہم تم یہاں کے نشاں مٹ گئی نقش قدم

باقی ہے یک ذات خدا فانی ہیں سب اسکے سوا — گویا دشہ ہو یا گدا ہو جاوینگے سب منعدم
پھر حق سے ڈر کر دوستو اللہ کی طاعت کیجیو — جھوٹی گواہی مت کہو اللہ کی کھا کر قسم
شرع نبی کی پیروی کیجئے ہدایت ہے نری — بدعت کی چھوڑو کجروی اس مین ہزارہا زہر و سم
ہو وینگے سارے بدعتی بیشک سگان دوزخی — بدعت کی چھوڑو گمرہی پوجو نہ تابوت و علم
سب مومنوں کو اے خدا تو بخش از فضل و عطا — مسکین خواجہ کی خطا تو بخش یارب از کرم

نسأل الله رب العالمين ان يشد ازرنا برحمته وهو ارحم الراحمين
ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا وترحمنا لنكونن من الخاسرين
ربنا آتنا في الدنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار
اللهم اغفر لجامع هذه الآيات ولاهله وعياله ولجميع المؤمنين والمؤمنات انك سميع مجيب الدعوات

ماہ ذوالقعدہ کے پہلے	بسم اللہ الرحمن الرحیم	جمعے کا پہلا خطبہ

الحمد لله الذي اذا قضى امرا فانما يقول له كن فيكون وهو الذي مد الارض وجعل فيها رواسي وانهارا ومن كل الثمرات جعل فيها زوجين اثنين يغشي الليل النهار ان في ذلك لآيات لقوم يتفكرون وفي الارض قطع متجاورات وجنات من اعناب وزرع ونخيل صنوان وغير صنوان يسقى بماء واحد ان في ذلك لآيات لقوم يعلمون نشهد ان لا اله الا الله

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ شَهَادَةً تُنْجِيْ فَنَا هِنْ هَا يَوْمَ لَا يَسْئَلُ
حَمِيْمٌ حَمِيْمًا وَّلَا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا
شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ وَنَشْهَدُ
اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهُ الَّذِيْ نَسْتَظِلُّ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَحْتَ لِوَائِهِ الْاَنْبِيَاءُ وَالْمُرْسَلُوْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ عَدَدَ مَا اٰمَنَ بِهِ الْمُؤْمِنُوْنَ وَكَفَرَ بِهِ
الْكَافِرُوْنَ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ
اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ
بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ
فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا
وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَا
تُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَ
النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ
وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ
وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَا
اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ مَّاءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

سیپ سورۂ بقرہ

وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ - يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ إِنَّمَا يَأْمُرُكُمْ بِالسُّوءِ وَالْفَحْشَاءِ وَأَنْ تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ

کیجئے ای مومنو تم طاعت رب جہاں　　جملہ عالم کا وہی خالق ہے بیشک و گماں

سال کے بارہ مہینے اس نے ٹھہرائے یقیں　　ہیں مہینے چار ان میں سب سے برتر بیگماں

یعنی ذوالقعدہ و ذوالحجہ محرم اور رجب　　اشہر حرم صفت قرآن میں ہے انکی بیاں

ان مہینوں میں جھگڑنا اور لڑنا ہے حرام　　اَشْهُرٌ حُرُمٌ صفت قرآن میں ہے انکی بیاں

کرتے تھے تعظیم ان کی انبیا اور اولیا　　جو بچا ان میں گناہوں سے وہ پاویگا اماں

بعد ہجرت ماہ ذوالقعدہ میں ختم المرسلیں　　چار بار عمرہ ادا فرمائے بے شبہ و گماں

نیک بندہ وہ ہے جو اس ماہ میں نیکی کرے　　جو عبادت سے ہو غافل وہ شقی ہے بیگماں

[illegible] اور دن جو کرے نیکی نہ کیوں پاوے فلاح　　طاعت حق کیجئے ای مومنو سر و عیاں

یہ مہینا ہے یقیں مقبول خلاق انام　　خواب غفلت میں نہ کیجئے عمر اپنی رائیگاں

جانئے دنیا ہے یک خواب پریشاں کے مثل　　گھر فنا کا ہے نہیں اسکو بقائے جاوداں

اپنے مالک کی عبادت میں نہ تم غفلت کرو　　ورنہ پچھتاؤ گے بعد موت تم ای مومناں

ہے یہ فرمان بھی ہر روز قبرستان میں　　پوچھتا ہے یک فرشتہ از جمیع مردگاں

رشک ... ہے ہو کس پہ آج اہل ...
اسطرح کہتے ہیں اس سے تب تمامی مردگان

رشک ہے ... ہیں ... جو پڑھتے ہیں صبح و شام
کیونکہ قادر وہ ہیں اس پہ ہم ہیں عاجز ناتوان

... ہیں ... ہم رکھتے ہیں
اور روتے ہیں صدقہ ہم دے سکتے یہاں

ذکر حق ... ہیں ... ہم شکر کرتے ہیں آج
بے عمل رہنے پہ نادم اور پشیمان ہیں یہاں

بخش دے یارب کرم سے خواجہ مسکین کو
بخش ہم سب کی خطا کو اے خداوند جہاں

اللھم اغفر ... للمؤمنین والمؤمنات انک مجیب الدعوات

یہ خطبہ ہر وقت | بسم اللہ الرحمن الرحیم | پڑھا جا سکتا ہے

الحمد لله الأزلي الأبدي القديم مالك الملك لا إله إلا هو العزيز الحكيم ... في ظلمات البحر والبر عليم نشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له شهادة ندخرها للنجاة من عذاب أليم ونشهد أن سيدنا ومولانا محمدا عبده ورسوله النبي الكريم عليه وعلى آله وأصحابه أفضل الصلوة وأكمل التسليم - يا أيها الذين آمنوا أوفوا بالعقود أحلت لكم بهيمة الأنعام إلا ما يتلى عليكم غير محلي الصيد وأنتم حرم إن الله يحكم ما يريد يا أيها الذين آمنوا لا تحلوا شعائر الله ولا الشهر الحرام ولا الهدي ولا القلائد ولا آمين البيت الحرام يبتغون فضلا من ربهم ورضوانا وإذا حللتم فاصطادوا وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان

وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ
وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ
وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ
عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ فَمَنِ اضْطُرَّ
فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ اُحِلَّ
لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ
مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ
عَلَيْهِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ
اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ
وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ
جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا
مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ
مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ
وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا
قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى
اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ

خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ

عہد کو پورا کرو اے مومنو تم ہر زماں | کیونکہ تمکو عہد سے پوچھیگا خلاق جہاں
جانور چوپایے جائز ہیں تمہارے واسطے | پر جو ناجائز کیا وہ ناروا ہیں جاودان
حالت احرام میں جائز نہیں تمکو شکار | حکم کرتا ہے خدا جو چاہتا ہے بیگماں
تم شعائر کو خدا کے مت کرو ہرگز حلال | مت کرو ہدی و قلائد کی بھی حرمت رائیگاں
مت کرو ہرگز ہتک حرمت تم شہر حرام | قاصدان خانہ حق کو نہ روکو مہرباں
فضل و رحمت اور رضا اللہ کی چاہتے ہیں وہ | ایسے نیکوں کی کرو تعظیم و حرمت جاودان
ہوگئے جب تم احرام سے فارغ تو جائز ہے شکار | تم مدد تقوی و طاعت پر کرو اے مہرباں
مت کرو ظلم و گنہ پر تم مدد ہرگز کبھی | تم ڈرو حق سے عذاب سخت ہے اسکا عیاں
خون اور مردار تم پر ہے حرام اے مومنو | گوشت بھی خنزیر کا جائز نہیں اے مہرباں
نام پہ غیر خدا کے جانور جو ذبح ہو | ہے لغیر اللہ میں داخل حرام جاودان
جانور پالیں جو نذر اولیا کیواسطے | ذبح گر نام خدا پر ہو تو جائز ہے عیاں
جانور گردن مروڑا اور موقوذہ حرام | ہے وہی موقوذہ جو مرجاوے از بار گراں
جو مرے گر کر بلندی سے تو ہے متردیہ | سینگ سے مرجاوے تو پس وہ نطیحہ ہے عیاں
یعنی یہ وہ بھی حرام سخت مثل خوک ہیں | جانور کھاوے درندہ تو بھی ناجائز عیاں
پر اگر زندہ رہے تو ذبح کر کے کھائیے | ہے وہ ناجائز جو ہو ذبح پے پرستش بتاں

خشی بیہ جائز نہیں جتنے ہیں موذی کو مار ‖ ہے روا مضطر کو حال مخمصہ میں بیگماں

تم درندوں کو اگر تعلیم دیوے پہر شکار ‖ اور شکار ان سے کریں کوئی جانور جائز عیاں

وہ نہ کہا کر روک رکہیں گر تمہارے واسطے ‖ ذبح کر نام خدا پر کہائیے تم بیگماں

بے وضو ہوں تو وضو ہی فرض از بہر نماز ‖ غسل کی حاجت اگر ہو غسل کر لو مہرباں

واسطے غسل و وضو کے گر نہ پانی پاوگے ‖ پاک مٹی پر تیمم کیجئے تم بے گماں

جو کرے اچھے عمل بخشش ہے ان کے واسطے ‖ کافروں کیواسطے تیار دوزخ جاوداں

بخش ہم کو اور حسان احقر کو الہی فضل سے ‖ تجھ سوا کوئی نہیں مالک ہمارا مہرباں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَامِعِ هٰذِهِ الْاَبْيَاتِ وَلِاٰبَائِهٖ وَاُمَّهَاتِهٖ وَلِاَهْلِهٖ وَعِيَالِهٖ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ سَمِيْعٌ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

یہہ خطبہ ہر دو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ثریا حا ۱۱

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَا يَعْلَمُ مَا هُوَ اِلَّا هُوَ وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ وَيَسْتُرُ الْعُيُوْبَ اِلَّا هُوَ وَلَا يَكْشِفُ الْكُرُوْبَ وَيَجْبُرُ الْقُلُوْبَ اِلَّا هُوَ نَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مَا دَامَ مُلْكُ اللّٰهِ اِلَى الْاٰخِرِ اَمَّا بَعْدُ فَيَا اَيُّهَا النَّاسُ وَحِّدُوا اللّٰهَ الَّذِيْ قَامَتْ عَلَى

وحدانيته الشواهد ولانت لعظمته الجلامد واعلموا
ان السلامة والكرامة موقوفة على تصحيح العقائد كما هو
مذهب اكابر اهل السنن لا اصحاب الفتن والمفاسد
كيف ينكر وجود صانع العالم اهل الطغيان والغي وهو
الحي الذي لا اله الا هو خلق السموات العلى بلا عمد و
لا مدد ولم يمسه تعب ولا عي يفعل ما يشاء ويحكم
ما يريد من الخير والشر ولكن لا يرضى لعباده الكفر
وهو السميع العليم البصير على كل شيء قدير ارسل الرسل
الكرام المعصومين من الذنوب والآثام لهداية الانام
وايدهم بالمعجزات الظاهرة والبينات الباهرة مبشرين
للمؤمنين بدخول الجنان ولقاء الرحمان ومنذرين
للكفار من عذاب النار وغضب الملك الجبار وعذاب
القبور وسائر اهوال يوم القيامة من الذل والندامة
والسؤال في المواقف والمرور على الصراط وغيرها
من المخاوف فكل ما اخبرها المرسلون حق وصدق
وصواب فامنوا به وصدقوه وتوبوا الى الله من جميع
الذنوب فيجود بالمتاب لمن اناب وهو غافر الذنب

وَقَابِلُ التَّوْبِ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ذُو الطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاضْرِبْ اَيُّهَا الْمُوَحِّدُ بِسَيْفِ التَّنْزِيْهِ رِقَابَ اَهْلِ التَّشْبِيْهِ وَاحْذَرْ اَنْ تَفُوْهَ بِمِثْلِ مَا فَاهُوْا فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَقَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ — اشعار اردو

مسلمانو سنو یہ ہے عقیدہ اہل سنت کا　　کہ یک خالق ہے عالم کا وہی لائق عبادت کا

شریک اس کا نہیں کوئی نہیں فرزند اسکو　　نہیں ماں باپ اسکو نہ رشتہ ہے قرابت کا

بری ہے عیب و نقصاں سے صفات اسکے ہیں سب کامل　　ہے خالق خیر و شر کا کفر و ایمان و ضلالت کا

مگر وہ نیک سے راضی ہے بد سے خوش نہیں ہوتا　　نہیں ظالم ہے بندوں پر ہے کام اس کا عدالت کا

ہے زندہ قادر و دانا و بینا اور ہے شنوا　　مرید خیر و شر بھی ہے کلام اس کا قدامت کا

فرشتے اسکے نوری ہیں نہیں وے مرد و عورت　　سبھی معصوم ہیں ہر یک ہے بندہ حق کی طاعت کا

تمامی انبیا معصوم ہیں ہیں نوع انساں سے　　ملا آدم کو پہلے مرتبہ سب سے نبوت کا

محمد مصطفیٰ ہیں خاتم کل انبیا اللہ　　کہ انکا دین ناسخ ہے سبھی ادیان و ملت کا

جسد سے ہوشیاری میں ہے حق معراج آنحضرت　　ہے سوے عرش جانا دیکھنا دوزخ و جنت کا

صحیفے اور کتابیں انبیا پر جو ہوئیں نازل　　نہیں حادث ہیں بلکہ ہے کلام اللہ قدامت کا

تمامی امتوں میں امت احمد ہی افضل ہے　　خطاب اللہ نے بخشا ہے انکو خیر امت کا

نبی کا معجزہ حق ہے کرامت اولیا کی حق — عقیدہ اہل سنت کا ہے اعجاز و کرامت کا

نبوت سے نہیں معزول ہوتے ہیں نبی حق کے — نہیں ملتا ہے عورت کو کبھی رتبہ رسالت کا

صحابہ افضل امت ہیں خلفا ہیں راشد چار — ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ علیؓ والی ولایت کا

نبی کے چار خلفا کی خلافت راشدہ حق ہے — علی الترتیب ثابت ہے یقیں منصب خلافت کا

نہیں ہے لعنت و تکفیر جائز اہل قبلہ کی — نہیں ہوتا ہے مومن لاعن و قائل ملامت کا

عذاب قبر حق ہے سوال قبر بھی حق ہے — بھی اٹھنا بعد مرنے کے عقیدہ ہے ہدایت کا

گذرنا پل صراط اور یقیں میزان بھی حق ہے — عمل نامہ دیا جاویگا ہر جرم و اطاعت کا

مواقف پانچ ہیں سندوں سے پرسش ہو ویگی ان میں — کہ یک سے سخت تر ہے ایک منظر ہر قیامت کا

ملے نیکوں کو جنت اور بدکاروں کو دوزخ ہے — ہیں طبقے سات سب اسکے ہر طبقہ ہی آفت کا

گنہگاران امت چھوٹ جاوینگے شفاعت سے — محمدؐ مصطفیٰ فاتح ہے ابواب شفاعت کا

ہٹا غیروں کی امت کو کرے سیراب کوثر سے — ہے مالک حوض کوثر کا نگہباں اپنی امت کا

کہینگے انبیا سب نفسی نفسی ہو کے متحیر ہیں — کہیگا امتی یا امتی سالار امت کا

محمدؐ کی شفاعت اور تیری دید ہے خواہش — عطا ہو مومنوں کو حظ شفاعت اور رویت کا

اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَامِعِ هٰذِهِ الْأَبْيَاتِ وَلِأَبَائِهِ وَأُمَّهَاتِهِ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ سَمِيْعٌ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

یہ خطبہ ہر وقت	بسم اللہ الرحمن الرحیم	پڑھا جا سکتا ہے

سُبْحَانَ الَّذِيْ أَجْرٰى بِفَضْلِهِ مِنْ زُلَالِ نَوَالِهِ عَمِيْمَ الْآلَاءِ

الشَّامِلَةِ عَلَى الْخَلْقِ اَنْهَارًا وَعَظِيْمِ نَعْمَائِهِ الْكَامِلَةِ مُرْسِلِ السَّمَاءِ
عَلَى الْاَرْضِ مِدْرَارًا فَاَخْرَجَ بِهِ اَغْصَانًا وَاَشْجَارًا وَفِيْهَا
اَنْهَارًا وَاَثْمَارًا نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ
لَهُ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ الَّذِيْ
اَظْهَرَ مِنْ عَيْنِ الْهِدَايَةِ فِيْ ظُلُمَاتِ الْكُفْرِ لِلْخَلْقِ اَنْوَارًا صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَاَصْحَابِهِ مَا دَارَ الْفَلَكُ دَوَّارًا اَمَّا بَعْدُ
فَيَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا عَسٰى رَبُّكُمْ
اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ حَصِيَاتِ الرَّمْلِ
مِقْدَارًا اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا وَانْتَبِهُوْا مِنْ
رَقْدَةِ الْهُجُوْعِ فَارْجِعُوْا اِلَى اللّٰهِ بِالرُّجُوْعِ وَالتَّضَرُّعِ وَالْخُضُوْعِ
وَالْخَشْيَةِ وَالْخُشُوْعِ وَابْكُوْا عَلٰى خَطَايَاكُمْ وَانْدَمُوْا وَاَسِيْلُوْا
دُمُوْعَ الْعُيُوْنِ وَعُيُوْنَ الدُّمُوْعِ وَاَنْهَارًا وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ
اِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا يَا اَيُّهَا الْاَحْبَابُ اَهْلَكَتْكُمُ الْاَمَانِيُّ فِيْ
مَغَارَةِ الْوَيْلِ وَالتَّبَابِ مَا زَالَ طَمَعُكُمْ فِيْ جَمْعِ الْاَمْتِعَةِ وَالْاَسْبَابِ
لَقَدْ صَدَقَ الرَّسُوْلُ الْاَوَّاهُ الْاَوَّابُ فِيْ قَوْلِهِ الْحَقِّ وَالصِّدْقِ
وَالصَّوَابِ لَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ اٰدَمَ اِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ
عَلٰى مَنْ تَابَ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا اَخْيَارًا اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ

إنه كان غفارا اجتهدوا في طاعة المولى الجليل وتزودوا
للرحيل تأهبوا السفر الطويل فقد سارت القافلة
ولا تغتروا بزهرة الدنيا ونعمتها العاجلة ولا تغفلوا
عن أهوال الآخرة ونقمتها الآجلة ولتكونوا على
خوف من الأماني العاطلة فإن سمومها قاتلة وكونوا
زهادا أخيارا عبادا أبرارا استغفروا ربكم إنه كان
غفارا أين الذين كنزوا الكنوز واستعبدوا العباد و
قادوا الجيوش وملكوا البلاد وكانت نفوسهم ظالمة
أما كانت عالمة بأنها من الموت غير سالمة فكيف مكروا
مكرا كبارا استغفروا ربكم إنه كان غفارا أين المفتخرون
بالجياد الصافنات والمعتمدون على ما جمعوا من الأموال
كالجبال الراسيات أما رحلوا إلى القبور الدارسات
أما صارت عظامهم ناخرات وأجسادهم باليات
أما أفنت أيدي المنون من كان على الأرض ديارا
استغفروا ربكم إنه كان غفارا أيها الغافلون إنكم
مسئولون يوم الحسرة والخذلان عما أضعتم العمر فيه
والزمان فمحاسبون على خطوات القدم وهفوات اللسان

وَتَخْتِمُ عَلٰی اَفْوَاهِهِمْ وَتَنْطِقُ الْجُلُوْدُ وَالْجَوَارِحُ وَالْاَرْكَانُ
وَتَشْهَدُ عَلَيْكُمُ الْيَدَانِ وَالرِّجْلَانِ بِمَا فَعَلْتُمْ فِيْ زَمَنِ الْاِمْكَانِ
مِمَّا اَعْلَنْتُمْ بِهٖ وَاَسْرَرْتُمْ اِسْرَارًا اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ
غَفَّارًا يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ
وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ مِنَ الْاَهْلِ وَالْبَنَاتِ وَالْبَنِيْنَ فَاِنَّ مَنْ
يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ فَاسْلُكُوْا سُبُلَ السَّلَامِ
وَالْيَقِيْنِ وَقُوْا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ
غَفَّارًا فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ كَاشِفِ الضُّرِّ وَالْبَلِيَّاتِ فَارِجِ الْهُمُوْمِ
وَالْمُهِمَّاتِ مُفَتِّحِ اَبْوَابِ الْفَضْلِ وَالْخَيْرَاتِ مُنْزِلِ الرَّحْمَةِ
وَالْبَرَكَاتِ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا وَقَدْ خَلَقَكُمْ
اَطْوَارًا اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا اُدْعُوْا رَبَّكُمْ
تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً بِالْقَلْبِ الْكَئِيْبِ فَاِنَّهٗ قَرِيْبٌ سَمِيْعٌ لِّلدَّعَوَاتِ
مُجِيْبٌ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ وَتُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ خَائِفِيْنَ مِنْ
غَضَبِهٖ لَيْلًا وَّنَهَارًا اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا

پاک ہر یک عیب سے اللہ کی سرکار ہے — اسکی نعمت عام بر ہر مومن و کفار ہے
اپنے فیض عام کے نہریں بہا ہر طرف — اور زمیں پر بھی سحاب فضل گوہر بار ہے
فضل کے شاخ و شجر میں پھول پھل جھڑتے ہیں — ہے بہار باغ عالم رونق گلزار ہے

ہم ہیں شاہد اس سوا معبود حق کوئی نہیں
اور نبی حق کا محمد بندۂ مختار ہے

اڑ گھٹا کفر و ضلالت کی گھٹا جسکے لئے
ذات اقدس مصطفیٰ کی مطلع الانوار ہے

ہو رسول پاک پہ اللہ کی رحمت نزلی
آل و اصحاب نبی پر رحمت غفار ہے

سب گنہ سے توبہ خالص کرو ای مومنو
محو ہوگا ہر گنہ بالو کی گو مقدار ہے

دافع درد گنہ دارو ئے استغفار ہے
مغفرت مانگو تمہارے رب سے وہ غفار ہے

خواب غفلت سے اٹھو دلکو کرو حق سے رجوع
کر رکوع و سجدہ و زاری تو بیڑا پار ہے

ہو کے نادم روئے اپنی خطا پر زار زار
چشمے آنسو کے بہاؤ وقت استغفار ہے

دافع درد گنہ داروی استغفار ہے
مغفرت مانگو تمہارے رب سے وہ غفار ہے

طمع جمع مال و زر نے کر دیا تم کو ہلاک
سچ کہا ای مومنو امت کا جو سردار ہے

آدمی کا پیٹ بھرتا ہی نہیں جز خاک کے
جو کرے توبہ قبولیگا خدا ستار ہے

تم ڈرو اللہ سے جیسا کہ حق ڈرنیکا ہے
خیر امت ہو کرو خیر جو کچھ کار ہے

دافع درد گنہ دارو ئے استغفار ہے
مغفرت مانگو تمہارے رب سے وہ غفار ہے

طاعت مولیٰ میں کوشش کیجیے صبح و مسا
آخرت کیواسطے توشہ تمہیں درکار ہے

جا رہے ہیں سیکڑوں دنیا سے قافلے
مرد میداں ہے وہی جو ہر طرح تیار ہے

نعمت عاجل پہ دنیا کے نہ تم مغرور ہو
اہتمام آخرت کی فکر بھی درکار ہے

دافع درد گنہ دارو ئے استغفار ہے
مغفرت مانگو تمہارے رب سے وہ غفار ہے

مالک ملک و خدم اور صاحب فوج و حشم
ہیں کہاں سب گئے ویران کل گھربار ہے

پنجۂ شیرِ اجل نے کردیا اُن کو ہلاک — ہوویگا عالم فنا باقی نہ اعتبار ہے

عمدہ گھوڑوں اور مال و زر پہ جنکو ناز تھا — قبر میں تنہا پڑے ہیں اُن کو کوئی یار نہ ہے

جسم بوسیدہ ہوا اور گل گئی ہیں ہڈیاں — زور سب جاتا رہا اب حال انکا زار ہے

دافعِ دردِ گنہ داروے استغفار ہے — مغفرت مانگو تمہارے رب سے وہ غفار ہے

عمر ضایع کرنیسے محشر میں پچھتاؤ گے — اور یقینا پرسشِ رفتار اور گفتار ہے

مُہر منہ پر ہوویگی اعضا گواہی دینگے — ہوویگا ظاہر وہاں جو نیک و بد سرزد ہے

دافعِ دردِ گنہ داروے استغفار ہے — مغفرت مانگو تمہارے رب سے وہ غفار ہے

علم سیکھو عالم دینی بنو سکھلاؤ علم — اہل اور اولاد کو اور جسکو وہ درکار ہے

نارِ دوزخ سے بچو اپنے بچاؤ اہل کو — تم چلو راہِ سلامت پر تو بیڑا پار ہے

دافعِ دردِ گنہ داروے استغفار ہے — مغفرت مانگو تمہارے رب سے وہ غفار ہے

تم طرف اللہ کے دوڑو بفرطِ ذوق و شوق — حق تعالیٰ دافعِ ہر آفت و آزار ہے

سارے بندوں کا وہی مولا ہے ایک مشکل کشا — اپنے بندوں کے بھی عیبوں کا وہی ستار ہے

کھولنے والا ہے دروازوں کو فضل و خیر کے — رحمت و برکات کی نازل وہی سرکار ہے

دافعِ دردِ گناہ داروے استغفار ہے — مغفرت مانگو تمہارے رب سے وہ غفار ہے

درد دل کیساتھ مانگو تم دعا اللہ سے — سننے والا وہ دعاؤنکا زقلبِ زار ہے

تم عبادت میں خدا کیواسطے قائم رہو — وہ قبولیگا دعا عیبوں کا جو ستار ہے

روز و شب ڈر کر غضب سے حق کے کیجئے توبہ — ہر گنہ سے باز آؤ اُس سے جو بدکار ہے

دافع دردِ گناہ دوا رو کے استغفار ہے
مغفرت مانگو تمہارے رب سے وہ غفار ہے
یا الٰہی بخش ہم کو خواہ جیسے ہیں
بندہ عاصی ہے وہ اور تو خدا غفار ہے

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ اُغْفِرْ لِمُؤَلِّفِ هٰذِهِ الْخُطْبَةِ الْمُفِیْدَةِ كَالدُّرَّةِ النَّضِیْدَةِ وَاَهْلِهٖ وَعِیَالِهٖ وَاِخْوَانِهٖ وَاَخَوَاتِهٖ وَاَسْلَافِهٖ وَاَخْلَافِهٖ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ سَمِیْعٌ مُّجِیْبُ الدَّعَوَاتِ

دوسرے جمعے کے پہلے | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | جمعے کا پہلا خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِیْنُهٗ فِیْ كُلِّ حِیْنٍ نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اَجْمَعِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَیَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِیْنَ اِعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِیْنَ فِیْهِ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِیْمَ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْهِ سَبِیْلًا وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى شَانُهٗ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ

سورۂ آل عمران
سورۂ بقرہ

فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى وَاتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ ۔ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَتَى هٰذَا الْبَيْتَ وَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ إِخْوَانِي كَيْفَ تَتَخَلَّفُونَ عَنِ الْحَجِّ وَقَدْ فَرَضَهُ اللّٰهُ عَلَى الْعِبَادِ وَكَيْفَ لَا تَرْغَبُونَ فِيهِ وَهُوَ ذَخِيرَةٌ لَكُمْ يَوْمَ الْمَعَادِ وَقَالَ سَيِّدُ الْمُرْسَلِينَ عَلَيْهِ رَحْمَةُ رَبِّ الْعَالَمِينَ مَنْ مَلَكَهُ اللّٰهُ زَادًا وَرَاحِلَةً تُبَلِّغُهُ إِلَى بَيْتِ اللّٰهِ الْحَرَامِ فَلَمْ يَحُجَّ فَلَا عَلَيْهِ أَنْ يَمُوتَ يَهُودِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا فَيَا حَسْرَتٰى عَلَى الْغَافِلِينَ عَنْ أَدَاءِ حَجِّ بَيْتِ رَبِّ الْعَالَمِينَ فَيَا أَيُّهَا النَّاسُ حُجُّوا الْبَيْتَ وَخَافُوا مِنَ الْمَوْتِ عَلَى غَيْرِ مِلَّةِ الْإِسْلَامِ وَتُوبُوا مِنْ جَمِيعِ الذُّنُوبِ وَالْآثَامِ إِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ التَّائِبِينَ وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ وَيُقْبِلُ عَلَى الْآيِبِينَ بِرَحْمَتِهِ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۔

سنو ای مومنو فرمانِ خالق اکوان	کیا ہے جسطرح ارشاد مومنوں کو عیاں
کہ سب سے پہلے جو مکہ میں گھر ہوا تیار	اسی کا نام ہے کعبہ بغیر شبہ و گماں
وہ ہے ہدایت و برکت تمام عالم کو	خدا کے اس میں ہیں آیات بینات عیاں

ہے پاک اسمیں مبارک مقام ابراہیم — جو ہووے داخل کعبہ وہ پاوے امن و اماں

خدا کیواسطے لوگوں پہ حج بیت اللہ — ہے فرض ہو زاد راہ و امن و اماں

اگر کرے کوئی انکار حج بیت اللہ — وہ ہوگا کافر و بے دین و منکر رحماں

خدائے پاک غنی ہے تمام عالم سے — نہ حج کرے تو خدا کا ہے نہیں کیا نقصاں

مہینے چند ہیں حج کے جو ان میں محرم — جماع و فسق نہ جھگڑا کرے حج میں عیاں

کرے جو نیکی تو اللہ اسکو جانیگا — ڈرو خدا ہی سے ای اہل عقل تم ہر آن

کرو ای مومنو تیار توشہ تقوے — ابوہریرہ سے مروی حدیث ہے یہ عیاں

کہا رسول خدا نے کہ حج بیت اللہ — کرے جو کوئی بلا رفث و فسق نیک نشاں

وہ پاک پیٹ سے ماں کے ہو تھا جب پیدا — گنہ سے پاک ہوا وہ بغیر شبہ و گماں

ای بھائی کسطرح تاخیر حج میں کرتے ہو — کہ فرض بندوں پہ ٹھہرایا ہے حج رحماں

تمہارے واسطے حج آخرت کا توشہ ہے — کہا رسول خدا نے سنو زگوش جاں

یہودی ہوکے مریگا یا نصرانی — اگر نہ حج کرے قدرت رکھتے باوجود عیاں

جو حج کعبہ سے غافل ہوں انپہ حسرت ہے — ڈرو ای مومنو مرنے سے ہوکے بے ایماں

بروز عرفہ رکھو روزہ ای مسلمانو — کہ اگلے پچھلے گنہ بخشدیگا رب جہاں

کرو گناہوں سے توبہ خدا کریگا قبول — وہ بخشدیگا گنہ چاہو بخشش عصیاں

الہی بخشدے ہم سبکو تیری رحمت سے — گناہ بخشدے خواجہ کے ای خدائے جہاں

اللّٰهم اغفر لجامع هذه الأبيات المذكورات ولأهله وحيا

وَلِاَسْلَافِهٖ وَاَخْلَافِهٖ وَلِاِخْوَانِهٖ وَاَخَوَاتِهٖ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ سَمِيْعٌ مُّجِيْبُ الدَّعْوَاتِ -

جمعے کا خطبہ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	ماہ ذوالحجہ کے دوسرے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ الْبَصِيْرِ الْخَبِيْرِ الْعَلِيْمِ الَّذِيْ لَا يُطِيْقُ اَحَدٌ بَيْنَ يَدَيْهِ جَوَابًا وَّلَا سُؤَالًا وَّلَا تَجِدُ الْعَقْلُ لَهٗ تَشْبِيْهًا وَّلَا مِثَالًا لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَاَكْمَلَ التَّسْلِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَيَا اَيُّهَا النَّاسُ اِعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اِفْتَرَضَ حَجَّ بَيْتِهٖ عَلٰى عِبَادِهٖ وَمَنَّ عَلَيْنَا بِصَوْمِ عَرَفَةَ وَيَوْمِ الْعِيْدِ وَتَقَبَّلَ مِنَّا تَضْحِيَةَ الْاَنْعَامِ مَكَانَ تَضْحِيَةِ الْاَبْنَاءِ بِفَضْلِهِ الْمَزِيْدِ وَكَرَمِهِ الْجَسِيْمِ كَمَا كَانَ اَمَرَ خَلِيْلَهٗ اِبْرٰهِيْمَ بِذَبْحِ وَلَدِهٖ اِسْمٰعِيْلَ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا اَفْضَلُ التَّسْلِيْمِ وَقَصَّ قِصَّتَهٗ فِيْ كَلَامِهِ الْقَدِيْمِ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى قَالَ يٰاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ فَلَمَّا اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ

لِلْجَبِیْنِ وَنَادَیْنٰهُ اَنْ یّٰاِبْرٰهِیْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ
وَفَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ
كَآفَّةً وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ
زُیِّنَ لِلَّذِیْنَ كَفَرُوا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا وَیَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَاللّٰهُ یَرْزُقُ
مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ وَمَنْ یَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِیْنِهٖ
فَیَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِی الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَةِ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ
اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ
سَبِیْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ یَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
رَّحِیْمٌ

بعد حمد حق و نعت خواجہ دو جہاں — عشرہ اولیٰ کا ذوالحجہ کے تم سن لو بیاں
حق نے وعدہ تیس شب کا تھا جو موسیٰ سے کہا — اسکو پھر کامل کیا دس روز سے رب جہاں
یہ وہی دس روز ذوالحجہ کا ہے پہلا دہا — قرب حق حاصل ہوا موسیٰ کو ان میں بیگماں
اور اسی عشرہ میں موسیٰ کو ملی توریت بھی — اور ہوا اس میں خلیل اللہ سے بھی امتحاں
ماجرا یہ ہے کہ مکہ میں خلیل اللہ نے — اسطرح خواب دیکھا تین شب کے درمیاں

تیرے بیٹے کو خدا کی راہ میں ذبح کر
ذبح پر راضی ہوئے حق کے خلیل زار زار

خواب کا جو تیسرا دن تھا وہ روز عید تھا
یعنی ذوالحجہ کی دسویں تھی بلا شک و گماں

ہاجرہ کو تب یہ فرمایا خلیل اللہ نے
غسل دے بیٹے کو کنگھی کر کے جلد ای مہرباں

اور لباس فاخرہ پہنا تو اسمعیل کو
ہاجرہ نے حکم کی تعمیل کی ہو شادماں

ایک چاقو اور رسی دیکے اسمعیل کو
باپ بیٹے کوہ کی جانب ہوئے ہیں تب رواں

کوہ پر چڑھکر کہا بیٹے سے ابراہیم نے
ای مرے بیٹے بتایا ہے ای پسر روح رواں

خواب میں مجھکو ہوا ہے حکم اللہ کا
ذبح بیٹے کو کروں راہ خدا میں شادماں

ای مرے نور نظر کہہ تیری کیسی رائے ہے
عرض اسمعیل نے کی باپ سے ہو شادماں

ذبح کا طریقہ اور اوسکے مکروہات کیا ہیں جواب قربانی کے ذبح کا وہی طریقہ ہے
جو عام جانوروں کے ذبح کا ہے مسائل ذبح کو دیکھ لیا جائے البتہ خود قربانی
کرنیوالا جانور کے پہلو پر سیدھا پاؤں رکھکر بسم اللہ اللہ اکبر کہکر ذبح کرے اور بعد
ذبح یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ ھٰذِہِ الْاُضْحِیَۃُ تَقَبَّلْ مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ اِبْرَاھِیْمَ
خَلِیْلِکَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَمِنْ مُحَمَّدٍ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا
کَثِیْرًا کَثِیْرًا ؕ قربانی کے مکروہات بھی وہی ہیں جو مسائل ذبح میں بیان ہوئے
ہاں قربانی کے جانور سے قبل ذبح نفع حاصل کرنا مثلاً اُس کا دودھ دوہنا
یا اوس پر سوار ہونا یا کوئی چیز لادنا یا اسکو کرایہ پر دینا مکروہ ہے۔

مسائل عقیقہ

(۱) سوال عقیقہ کسکو کہتے ہیں اور اوس کا کیا حکم ہے جواب لڑکا لڑکی

پیدا ہونیکے بعد ساتوین روز اُن کے سر کے بال اتار کر جو بکرا ذبح کیا جاتا ہے
اس کا نام عقیقہ ہے اور وہ مستحب ہے حدیث شریف مین آیا ہے کہ ہر لڑکا اپنے
عقیقہ کے عوض رہن ہے یعنی اگر کوئی شخص باوجود قدرت کے اپنے لڑکے کا عقیقہ
نہ کرے تو قیامت کے دن اُسکی شفاعت سے محروم ہوگا (۲) **سوال** عقیقہ کب
اور کس عمر مین کیا جاوے **جواب** پیدائش سے ساتوین روز اگر ساتوین
روز نہ ہو سکے تو جب ممکن ہو کرے لیکن ساتوین دن کا لحاظ رکھے یعنی جمعہ
کی پیدائش ہو تو عقیقہ بروز پنجشنبہ کرے اُسکے لئے عمر کی کوئی قید نہین ہے
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنا عقیقہ بچاس برس کی عمر مین فرمایا تھا۔ (۳) **سوال**
عقیقہ کا طریقہ اور اُسکے احکام بیان کرو **جواب** پیدایش کے ساتوین دن
بچہ کے سر کے بال اتار کر سر پر صندل اور زعفران یا کوئی خوشبودار چیز ملین
اور اسی دن بچہ کا نام رکھین بالون کو سونے یا چاندی سے تول لیکر دفن کرین
اور سونا چاندی صدقہ کرین حجام کو اجرت مین نہ دین بلکہ اُسکو علیحدہ انعام
دیا جائے بال اُتارنے کیوقت یہ ضروری نہین کہ ٹھیک اُسی اُتارنے کیوقت
بکرا ذبح ہو بلکہ بال اُترنیکے بعد یا اس سے پہلے دونون وقت درست ہے
مطلب یہ کہ دونون کام اسی روز ہون لڑکی کیلئے ایک بکرا اور لڑکے کیلئے
دو بکرے یا بحالت مجبوری ایک بھی کافی ہے بکرا ایک برس کی عمر سے کم
اور عیب دار نہو اگر دنبہ ہو تو چھ ماہ سے کم نہ ہو بکرے کے متعلق جو شرایط و اوصاف
قربانی کے بیان مین مذکور ہوئے ہین وہی یہان بھی ضروری ہین عقیقہ کا بکرا خود
لڑکے کا باپ یا اور کوئی رشتہ دار قریب ذبح کرے تو بہتر ہے ورنہ دوسرا شخص

بھی ذبح کرسکتا ہے (۴) سوال - قربانی اور عقیقہ کے ذبح مین کیا فرق ہے
جواب کچھہ فرق نہین البتہ عقیقہ کے ذبح کے قریب یہ دعا پڑہی جاتی ہے
اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةُ ابْنِيْ فُلَانٍ دَمُهَا بِدَمِهٖ وَلَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَجِلْدُهَا
بِجِلْدِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ وَاجْعَلْهَا فِدَاءً لِابْنِيْ مِنَ النَّارِ ۔ لفظ
فلان کی جگہ بر لڑکے کا نام لے اگر غیر شخص ذبح کرے تو ابنی فلان کے جگہ پر لڑکے
اور لڑکے کے باپ کا نام لے اور تقبلہا منی کی جگہ تقبلہا منہ اور فداء لابنی
کی جگہ فداء لابنہ کہے اور لڑکی کے عقیقہ مین ابنی کی جگہ بنتی اور مذکر ضمیرون کی جگہ
مونث ضمیرین کہنا چاہیے مثلاً دمہا بدمہ ولحمہا بلحمہ کی جگہ دمہا بدمہا ولحمہا بلحمہا اس
دعا کے بعد یہ بھی پڑہے اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَكَ وَمِنْكَ بِسْمِ اللّٰهِ
اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ (۵) سوال عقیقہ کے گوشت وغیرہ کی تقسیم کسطرح کی جانے
اور عقیقہ کا گوشت والدین بھی کہا سکتے ہین جواب بکرے کا سر بال مونڈنے
والے حجام کو دیا جائے اور ایک ران دائی کو اگرچہ یہ ہندو ہون باقی گوشت
کے تین حصہ کئے جائین ایک حصہ فقیرون اور محتاجون کو دیا جائے باقی
دو حصہ عزیزون اور ہمسایون کو خواہ کچا یا پکا کر روانہ کرین عقیقہ کا گوشت
اس رعایت سے کاٹا جائے کہ کوئی ہڈی ٹوٹنے نہ پائے اگر ٹوٹ بھی جائے تو
کچھہ مضائقہ نہین - چمڑا کسی کو خیرات دیدین یا گھر کے استعمال مین لائین قربانی کا
گوشت جسطرح صاحب قربانی کو کہانا درست ہے اسی طرح عقیقہ کا گوشت بچہ کے

مان باپ اور دادا دادی اور نانا نانی کھالین تو کچھ مضایقہ نہین نہ کھاینگی شریعت مین کوئی اصل نہین ہے

احکام میت

(۱) **سوال** - جب کوئی مسلمان مرض الموت مین ہو تو آخری وقت مین کیا کرنا چاہیے اسکی تفصیل بیان کرو **جواب** سب سے پہلے کلمہ شہادت کی تلقین کرین اور سورۂ یٰسین پڑہین تاکہ بحالت سکرات مریض اس کو سُنے بعد قبض روح منہ اور آنکہین بند اور ہاتہ پاؤن سیدہے کردئے جائین اور منہ کسی پاک کپڑے کی پٹی سے باندہ دیا جائے اسطرح کہ وہ پٹی ٹہڈی کے نیچے رکہی جائے اور سر پر لیجا کر اسکے ہر دو کنارے باندہ دئے جائین اور جوڑ نرم کردے جائین ان سب مراتب کے بعد اسکے غسل اور تکفین وغیرہ سے جس قدر جلد ممکن ہو فراغت کرکے دفن کردیا جائے

(۲) **سوال** - میت کے غسل کا طریقہ بیان کرو **جواب** میت کے غسل کا مسنون و مستحب طریقہ یہ ہے کہ میت کو کسی ایسے تخت وغیرہ پر جو تین یا پانچ یا سات بار کسی خوشبودار چیز سے دہونی پا چکا ہو برہنہ کرکے لٹایا جائے صرف شرمگاہ کپڑے سے چھپائی جائے شمال کی طرف کیا جائے آہستہ سے پیٹ پر ہاتھ پہیرے اور اس سے جو کچھ نجاست آگے پیچھے سے نکلے وہ دور اور صاف کیجائے اور بعد اسکے کہ پانی منہ اور ناک مین جائے وضو کرایا جائے لیکن اگر غسل کی ضرورت مین موت ہوئی ہے یا عورت حیض و نفاس کی حالت مین مری ہے تو منہ مین اور ناک مین پانی ڈالنا ضرور ہے پانی ڈال کر کپڑے سے نکال لیا جاسکے ہے بعدہ سارے بدن پر پانی بیر کے پتے سے گرم کیا ہوا بہایا جائے اس طور پر کہ پہلے

بائین کروٹ لٹا کر اس قدر پانی بہائین کہ جو حصہ جسم کا تختے سے ملا ہوا ہے اوسپر بھی
پہنچے پھر دائین کروٹ پہ لٹا کر اُسی طور پانی ڈالین پھر اُسے ٹیکا دیکر بٹھائین
اور پیٹ کو نرم دبائین تاکہ جو کچھہ نجاست باقی رہی ہو وہ بھی نکل جائے اُس سے
غسل و وضو مین کچھہ خلل نہین آتا پھر اُسے دھو ڈالین اسکے بعد بائین کروٹ پر
لٹا کر دائین کروٹ پر کافور ملا ہوا پانی تین دفعہ تمام بدن پر خوب بہا دیا جائے
کہ نیچے کیطرف بائین کروٹ بھی تر ہو جائے پھر بدن کا پانی کپڑے سے پونچھین اور
اور اُسکو تختے سے اُٹھا کر کفن رکھین اور سجدہ کے اعضا یعنی پیشانی ناک دونون
ہاتھون اور زانون پر کافور ملین اگر مرد ہے تو داڑہی کو گل خیرو سے دہوئی جائے
اور غسل تکمیل کے بعد کفن پہنایا جائے (۳) سوال- نہلانیوالا کیسا شخص ہونا چاہئے
جواب نہلانیوالا ایسا شخص ہونا چاہئے کہ جسکو میت کا دیکھنا جایز ہو عورت کو
مرد اور مرد کو عورت کا غسل دینا جایز نہین ہان منکوحہ عورت اپنے شوہر کو غسل دیسکتی ہے
اس لئے کہ وہ عدت کے زمانے تک اُسکے نکاح مین سمجھی جائیگی بخلاف شوہر کے کہ وہ
عورت کے مرتے ہی اُس عورت کے نکاح سے علٰحدہ سمجھا جائے گا اور اُس کو اُس عورت کا
غسل دینا جایز نہ ہوگا اگر کوئی عورت ایسی جگہ مر جائے جہان کوئی عورت موجود نہو
جو اُسکو غسل دے سکے تو اگر کوئی مرد اُسکا محرم موجود ہو تو وہ اُسکو تیمم کرا دے اور
اگر کوئی محرم نہ ہو تو غیر محرم اپنے ہاتھون مین کپڑا لپیٹ کو اُسکو تیمم کرا دے
اسی طرح اگر کوئی مرد ایسی جگہ مر جائے جہان کوئی مرد غسل دینے والا موجود نہ ہو تو اسکو
محرم عورت بے کپڑا لپٹے ہوئے اور غیر محرم ہاتھون مین کپڑا لپیٹ کر تیمم کرا دے
نابالغ لڑکے اور لڑکی کو عورت اور مرد دونون غسل دیسکتے بہتر یہ ہے کہ نہلانیوالا

میت کا کوئی عزیز ہو اگر عزیز نہلانا نہ جانتا ہو تو کوئی متقی پرہیزگار آدمی اسکو غسل دے
اور جس جگہ میت کو غسل دیا جائے وہاں سوا غسل دینے والے اور اس شخص
کے جو اُس کا شریک ہو کوئی دوسرا نہ جائے (۴) **سوال** میت کو کفن میں کون
کون کپڑے دئے جائیں **جواب** مرد کو تین کپڑے دینا سنت ہے ایک کفنی تا
نصف پنڈلی ایک تہ بند ایک چادر سر سے پاؤں تک اور عورت کو دو کپڑے زیادہ
ایک دامنی جس میں سر کے بال لپٹ کر سینے پر رکھتے ہیں اور ایک سینہ بند بغل
سے زانو تک اگر مرد کے کفن میں صرف تہ بند اور چادر پر اکتفا کی جائے
یا عورت کے کفن میں صرف کفنی اور تہ بند یا صرف دو تہ بندوں پر اکتفا کی جائے
تب بھی جائز ہے اور اگر اسقدر بھی ممکن نہ ہو تو جسقدر میسر ہو سکے مگر کم از کم اس قدر
کپڑا جو پورے بدن کو چھپا لے ضروری ہے بالغ و نابالغ وغیرہ سب کا کفن یکسان
ہے البتہ جو لڑکا مرا ہوا پیدا ہو اُس کے لئے صرف کپڑے میں لپیٹ دینا کافی ہے
کفن مسنون کی ضرورت نہیں کفن انہیں کپڑوں کا ہونا چاہئے جس کا پہننا حالت
زندگی میں جائز تھا البتہ استطاعت کا لحاظ مدنظر رکھا جائے (۵) **سوال** میت
کو کفن پہنانیکا طریقہ کیا ہے **جواب** مرد کو کفن پہنانیکا طریقہ یہ ہے کہ پہلے کفن
کی چادر کسی تخت یا بوریا پر بچھا دی جائے اور اُسکے اوپر تہ بند بچھا دیا جائے
اور میت کو کفنی پہنا کر تہ بند پر لٹا دیں اور پہلے تہ بند لپیٹ دیں اسطرح کہ پہلے بائیں
جانب اسکا میت کے بدن پر رکھیں اسکے بعد داہنا تاکہ داہنا جانب بائیں کے اوپر رہے اسکے بعد پھر چادر کو اسی طرح لپیٹیں تاکہ دا
جانب بائیں کے اوپر رہے اور کپڑے کی دھجی لیکر سر اور پاؤں کی طرف سے
باندھ دو اور چھین کمر کے نیچے بھی باندھ دو عورت کو کفن پہنانیکا طریقہ یہ ہے کہ

سب سے پہلے کفن کی چادر کسی تخت وغیرہ پر یا بوریا پر بچھا کر اوسکے اوپر تہ بند بچھا دین اور عورت کو کفن پہنا کر اسکے بالون کے دو حصہ کر کے ایک حصہ گردن کی نیچے سے داہنے جانب لاکر اور دوسرا گردن کے پیچھے ست بائین جانب لاکر سینہ پر رکھدین کفنی کے اوپر بعد اسکے دوپٹہ اوسکے سر پر چادر کے نیچے تک ڈالدین بعد اسکے تہ بند پر لٹا دین اور مثل سابق پہلے تہ بند کو اینٹھین اسکے بعد چادر کو ان سب کے بعد سینہ بند کو لپیٹ دین اور کپڑے کی دو دھجون سے باندھ دین جب میت کو کفن پہنا چکے تو اسکی نماز پڑھین اور تمام احباب و اہل محلہ کو خبر کر دین تا کہ وہ لوگ بھی اسکے حق سے ادا ہو جائین اور نماز مین اکثر شریک ہون

ترکیب نماز جنازہ کی

نیت چار تکبیر کیساتھہ نماز جنازہ پڑھتا ہون مین واسطے اللہ تعالی کے دعا کرتا ہون مین واسطے اس میت کے منہ طرف قبلہ کے تابع ہو کر امام کے اللہ اکبر کہکر رکعت باندھے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑھکر پہر اللہ اکبر کہے اور درود ابراہیمی پڑھکر پہر اللہ اکبر کہے اور دعاء ذیل پڑھے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ پڑھکر اللہ اکبر کہکر ہر دو طرف سلام کرے۔ چوتھی تکبیر کے بعد رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ پڑھکر ہر دو طرف سلام کرنا بہتر ہے میت اگر نابالغ لڑکا ہو تو اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ

لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا اگر میت نابالغہ (لڑکی)
ہو تو بجائے اِجْعَلْهُ کے اِجْعَلْهَا اور شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً پڑھے
سوال - ہر اللہ اکبر کہنے کیوقت کیا آسمان کیطرف سر اٹھانا لازمی ضروری
امر ہے جواب ضروری نہین بلکہ منع ہے - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے ارشاد فرمایا ہے کہ آسمان کیطرف سر اوٹھانے سے باز رہو ورنہ تمہاری
بصارت کو خدا سلب کرلیگا سوال اگر بچہ زندہ پیدا ہوا اور رویا چلایا
اور فوراً مرگیا کیا ایسے بچہ کی نماز جنازہ پڑھنا بھی فرض ہے جواب
بیشک فرض ہے اگر بغیر نماز کے دفن کرین تو سب گنہگار رہونگے سوال
میت کو لیجانے اور دفن کرنیکا طریقہ بیان کرو جواب میت کا دفن کرنا فرض
کفایہ ہے جسطرح اُس کا غسل اور نماز جب نماز سے فراغت ہوجائے تو فوراً
اُسکو دفن کرنے کیلئے جہان قبر کھدی ہو لیجانا چاہئے اگر میت شیرخوار بچہ یا
اُس سے کچھ بڑا ہو تو اُسکو دست بدست لیجائین یعنی ایک آدمی اپنے دونون
ہاتھون پر اٹھالے پھر اُس سے دوسرا اسپر آدمی لے اگر میت بڑا آدمی ہو تو
اُسکو کسی چارپائی وغیرہ پر رکھکر لیجائین اور اُسکے چارون پایون کو ایک ایک
آدمی اُٹھائے جنازہ کا تیز قدم لیجانا مسنون ہے جو لوگ جنازہ کے ہمراہ
جائین اُنکو جنازہ کے پیچھے چلنا چاہئے اور کوئی دعا یا ذکر بلند آواز سے
نہ پڑھنا چاہئے میت کی قبر کم سے کم اُسکے نصف قد کے برابر گہری ہونی چاہئے
اور بغلی بہ نسبت صندوقی کے بہتر ہے جب قبر تیار ہو چکے تو میت کو قبلہ کی طرف
سے قبر مین اتارین قبر رکھتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

کہا مستحب ہے میت کو قبر میں رکھکر اسکو قبلہ رو کر دینا مسنون ہے قبر مین رکھنے کے
بعد کفن کی گرہ مین کہول دی جائین جب میت کو قبر مین رکہ چکین جس قدر مٹی اسکی
قبر سے نکلی ہو وہ سب اُس پر ڈال دین اس سے زیادہ مٹی ڈالنا مکروہ ہے بشرطیکہ
بہت زیادہ ہو جس سے قبر اونچی ہو جاوے قبر مین مٹی ڈالتے وقت سرہانے کی
طرف سے ابتدا کیجاوے ہر شخص اپنے دونون ہاتھون مین مٹی بہر کر قبر مین
ڈالے پہلے مرتبہ پڑہے مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ اور دوسرے مرتبہ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ
اور تیسرے مرتبہ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ بعد دفن کے بالکل تھوڑی دیر تک
قبر پر ٹہیرنا اور میت کے لئے دعائے مغفرت کرنا قران مجید پڑھکر اس کا ثواب اُسکو
پہنچانا مستحب ہے اور مٹی ڈال چکنے بعد قبر پر پانی چھڑک دینا اور اوپر کوئی سبز
شاخ رکھ دینا مستحب ہے قبر کا ایک بالشت سے بہت زیادہ بلند کرنا مکروہ تحریمی ہے
نیز گچ کرنا مکروہ ہے بلکہ اس کا کچا رکھنا بہتر ہے جب قبر مین مٹی پڑ چکے تو اُسکے بعد
میت کا قبر سے نکالنا جائز نہین **سوال** دفن کرنیکے بعد قبر پر تلقین کرنیکے متعلق کیا
حکم ہے اور وہ کسطرح ہے **جواب** اکثر بزرگون نے دفن کے بعد تلقین کرنیکو
مستحب کہا ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ دفن کے بعد کوئی شخص آکر قبر کے مقابل بیٹھ کر
پڑہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ
اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ وَابْنَ اَمَةِ اللّٰهِ اُذْكُرْ مَا خَرَجْتَ عَلَيْهِ مِنْ رَوْحِ
الدُّنْيَا اِلٰى مَضِيْقِ الْاٰخِرَةِ مِنْ شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ
وَرَسُوْلُهٗ يَا عَبْدَ اللّٰهِ وَابْنَ اَمَةِ اللّٰهِ فَقَدْ جَاءَكَ السَّائِلَانِ مِنَ اللّٰهِ
الْمَلَكَانِ الْكَرِيْمَانِ الْمَامُوْرَانِ لَا يَنْفَعَانِكَ وَلَا يَضُرَّانِكَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ

فلا یخف ولا یحزن ما عبد اللّٰہ وابن امۃ اللّٰہ یسالانک من ربک فقل
ربی اللّٰہ لا احد الصمد وتقولان من نبیک فقل نبی محمد رسول اللّٰہ الذی
ھدانی بالحق ویردان ما دینک فقل دینی الاسلام والانقیاد
لامر اللّٰہ رضیت باللّٰہ ربا وبالاسلام دینا وبمحمد علیہ السلام نبیا وبعطی
الاسلام یقینا وبالقرآن العظیم اماما وبالکعبۃ المسجد الحرام قبلۃ وبالمؤمنین
الصالحین اخوانا واشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ واشھد ان محمدا عبدہ و
رسولہ واشھد ان الجنۃ والنار حق وان الساعۃ آتیۃ وان اللّٰہ یبعث
من فی القبور یثبت اللّٰہ الذین آمنوا بالقول الثابت فی الحیوۃ الدنیا و
فی الآخرۃ اللّٰھم اغفر لحینا ومیتنا برحمتک یا ارحم الراحمین ۵ سوال
میت حاملہ کی بابت کیا حکم ہے خواہ پورے دن ہوا کہ وبش بعض لوگ پیٹ
چاک کرکے نکالدینے کو کہتے ہین جواب پیٹ چاک کرکے نکال لینا اسوقت
ہے جب بچہ زندہ حرکت کرتا ہوا معلوم ہو ورنہ اگر بچہ بھی مرگیا ہو تو پیٹ کا چاک کرنا
یا چاک کرینگے بجاے کسی جاہلانہ رسم کا ادا کرنا جائز نہین ۔

عیدین کی نماز

دو رکعت نماز عید الفطر کی یا عید الضحی کی چھ تکبیر کے ساتھ پڑھتا ہون مین واسطے
اللہ تعالی کے منہ طرف قبلہ کے تابع امام کے اللہ اکبر کہکر رکعت باندہے اور
ثنا پڑھکر اللہ اکبر کہے اور دونون ہاتھ نیچے چھوڑے رہین پھر دوسرے بار
اللہ اکبر کہکر دونون ہاتھ چھوڑدے پھر تیسرے بار اللہ اکبر کہکر رکعت باندہے
سورہ فاتحہ وضم سورہ کے بعد رکوع وسجود کرکے دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہے

اور سورۂ فاتحہ وضم سورہ کے بعد اسی طرح کھڑا رہکر تین بار اللہ اکبر کہے اور پھر ہر بار دونون ہاتھ پیچھے چھوڑ دین چوتھے وقت اللہ اکبر کہکر رکوع کرے پھر سجدہ وغیرہ احکام پنجگانہ نماز کیطرح ادا کرے بعد نماز خطبہ پڑھا جاوے خطبہ کے بعد سب اپنے گھرون کو واپس آجادین۔

فاتحہ ثواب رسانی کا بیان

سوال کیا اہلسنت وجماعت کے پاس زندونکی ثواب رسانی سے مردونکو نفع پہونچنا ثابت ہے **جواب** بیشک ثابت ہے۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ سے واضح ہے کہ پہلے گذرے ہوئے ایماندار بھائیون کے حق مین دعائے مغفرت کیجائے اگر اس دعا سے انکو فائدہ پہونچنا ثابت ہوتا تو اس دعا کی تعلیم ہوتی۔ جنازہ کی نماز بھی دراصل میت کیلئے دعائے مغفرت ہے **سوال** کیا ثواب رسانی فقط کھانا پانی کپڑا و مال خیرات کرنے پر ہی موقوف ہے **جواب** ہر نیک کام کا ثواب پہنچتا ہے فقط کھانا پانی کپڑا وغیرہ مالی صدقہ پر ثواب کچھ موقوف نہیں بلکہ نفل روزہ رکھکر یا نفل نماز پڑھکر یا قرآن پڑھکر میت کو ثواب بخشین تو بھی ثواب پہنچتا ہے یعنی ان نیک کامون کے کرنیوالے کو جو ثواب ملیگا وہ سب ثواب میت کو ہبہ و بخشش کیا جاسکتا ہے **سوال** ثواب رسانی کا نام فاتحہ دلانا کسلئے مشہور ہوا **جواب** اس لئے کہ جب کسیکو ثواب پہنچانا مقصود ہوتا ہے تو اپنی قدرت کے موافق کھانا پکوا کر غریب ومحتاج ومساکین کو کھلا کر اسکا ثواب بخشا جاتا ہے اسکو مالی عبادت کہتے ہین۔ مالی عبادت کے ثواب کیساتھ بدنی عبادت کا ثواب بھی جمع کرکے پہنچانے سے ہر دو قسم کی عبادت کا ثواب

پہنچانا نہایت افضل سمجھکر بزرگون نے یہ طریقہ مقرر کیا کہ بدنی عبادت مین سے
قرآن کی تلاوت مناسب سمجھی گئی قرآن بھی پورا پڑھنا وقت ضرورت دشوار تھا
اس لئے قرآن شریف کے چھوٹے سورے جو پڑھنے مین آسان اور ثواب مین زیادہ ہین
جیسے سورۂ فاتحہ وسورۂ اخلاص پس ثواب رسانی کیوقت فاتحہ کا سورہ پڑھا جاتا ہے
اسلئے ثواب رسانی کا نام فاتحہ دلانا مشہور ہوا **سوال** فاتحہ کا درجہ جو مشہور ہے
ہے وہ کیا ہے **جواب** فاتحہ کا درجہ دعا کا نام ہے یعنی إلی حضرة النبی و
أصحاب النبی وأهل بیت النبی وغیرہ الفاظ سے ثواب پہنچانے کے لئے
دعا کیجاتی ہے **سوال** کیا اس قسم کی دعا زبان سے کرنا ضروری ہے صرف
دل مین نیت کرنا کافی نہین **جواب** جسطرح نماز کی نیت دل مین کرنا باوجود
کافی ہونے کے زبان سے کہنا بھی مستحسن ہے اسیطرح ثواب رسانی کی نیت
دل مین کرنا کافی ہے اور زبان سے کہنا بھی اچھا ہے تاکہ دل و زبان کی موافقت
پائیجائے **سوال** کیا ثواب رسانی کا طریقہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ
رضی اللہ عنہم وغیرہم کے زمانہ مین بھی تہا **جواب** بیشک تھا خود رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابی سعد رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ تم اپنی مان کی
ثواب رسانی کیلئے پانی کا کنوان تیار کرو تاکہ اسکا ثواب تمہاری والدہ کو پہونچے
سوال کیا مالی عبادت جیسے کہانا وغیرہ کا ثواب پہنچانے کیوقت سورۂ فاتحہ
واخلاص وغیرہ کا پڑھنا ضروری ہے اگر خود کو پڑھنا نہ آتا ہو تو پڑھنے والے
کو تلاش کرتے پھرنا اور بچون کو بھوکے رکھنا اور بغیر فاتحہ پڑھنے کے کھانا
نہ کھلانا جائز ہے **جواب** ہر مسلمان مرد وعورت پر نماز پڑھنا فرض ہے نماز

پڑھنے کیلئے سورۂ فاتحہ کا یاد رہنا ضروری ہے اگر کیکو یاد نہو تو سیکھنا ضروری
ہے تاکہ نماز پڑھنے کیلئے اور تلاوت و ثواب رسانی کیلئے بھی کام آوے
ثواب رسانی کیوقت اگر کسی کو تمام سورۂ فاتحہ یاد نہو تو دوسرے سورہ کی تلاوت کی ضرورت بھی نہیں صرف جسقدر کھانا خیرات
کیا جاویگا اسی کے ثواب پہنچانے کی نیت کر لینا کافی ہے گھر کے بچون کو یا بڑونکو
کھانے سے منع کرنا ضروری نہین کیونکہ کہانا اسی قصد سے پکوایا جاتا ہے کہ کچھ تو
گھر والے کہاوینگے اور کچھ دوست واحباب کو کہلاوینگے اور کچھ خدا کے نام پر
محتاجونکو کھلا کر اسکا ثواب فلان شخص کو ہبہ کردینگے پس اس نیت سے جو کھانا
پکوایا جاتا ہے وہ گھر والون کو اور دوست واحباب کو مالدارون کو سبکو کہانا درست
ہے جسقدر محتاجون کو کھلایا جاوے گا صرف اسیقدر ثواب میت کو پہونچیگا اور
جو گھر والے اور دوست احباب مالدار کہاوینگے اسکا ثواب تو میت کو نہین پہونچیگا
پھر گھر والون کو کھانے سے منع کرنا بے فائدہ ہے اگر مذکور نیت نکرکے صرف ثواب
رسانی کی نیت سے پکوایا جاویگا تو گھر والون کو کہانا بھی درست نہین اور مالدارون کو
کہلانا بھی ناجائز ہے کیونکہ طعام صدقہ محتاجون مساکین کو کہلانا ضروری ہے **سوال**
کیا کھانا سامنے رکھکر کھڑا رہکر ہاتھ اوٹھاکر عود جلاتے ہوئے فاتحہ خوانی جائز ہے
جواب کھڑا رہکر یا بیٹھکر فاتحہ ہر دو صورت سے جائز ہے اور فاتحہ خوانی کے
وقت (یا اللہ اسکا ثواب فلان کو بخش دے) کہا جاتا ہے پس لفظ (اس) کا مشار الیہ
غائب رکھکر یا اس کا ثواب کہنے سے وہ شئے روبرو رکھکر اسکا ثواب بخش دے کہنا بہتر ہے
مگر ان امور کو ضروری ولازمی نہ سمجھے **سوال** بعض بزرگونکی فاتحہ مین کہانا مخصوص ہے تا
جیسا سید احمد کبیر رضی اللہ عنہ کے نام سے سہرا دٹی اور راجالے شاہ صاحب کیلئے مرغ و

دوٹی اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے نام سے کھیر پوریان تیار کئے
جاتے ہیں روز گوشت پکانے سے پرہیز کیا جاتا ہے اور بغیر غسل کے کھانا پکانا بے
ادبی سمجھا جاتا ہے پہلے لکڑہارے کی کہانی پڑھکر بعدہ فاتحہ پڑہی جاتی ہے اور سفرہ
برتن کاری و مولی وغیرہ اشیا خصوصیت کیساتھ رکھی جاتی ہیں اور کھیر و پوریونکے
رکھے ہوئے برتن کو اس جگہ سے اٹھانا اور ہٹانا بے ادبی قرار دیا گیا ہے اور بی بی
رابعہ بصری رضی اللہ عنہ کے نام سے کھچڑی اور ماٹ کا ساگ محرم میں کیچڑا اور چونگے
بھی اور روٹ میٹھی سوجی یعنی جسکو کا پچی اور کڑاہی بھی کہتے ہیں اور حضرت شاہ مدار کے
نام سے چکولیان پکائے جاتے ہیں۔ بوعلی کی سہ منی اور اصحاب کہف کا توشہ
کیا جاتا ہے جس میں کالے کتے کو دعوت کیجاتی ہے اتفاق سے کوئی کتا گھر میں
آگیا تو خوش ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ وہی کتا ہے جسکو ہم دعوت دے آئے تھے
اور بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نام کا کنڈا کیا جاتا ہے جسمیں گوشت پکانا ممنوع سمجھا
گیا ہے اور کھانا اسکا سادات بی بیون کے ساتھ مخصوص ہے کہ سادات مردونکو کھانا کھلانا
ناجائز سمجھا گیا ہے اور شاہ مدار کی ثواب رسانی کیلئے گائی کا گوشت مضایقہ نہیں
دوسرے دن کی ثواب رسانی گائی کے گوشت سے ناجائز سمجھی جاتی ہے اور پانی اچھوتا
ضروری سمجھا جاتا ہے کیا یہ امور مذکورہ کی شریعت میں کوئی دلیل بھی ہے ہجواب
خدا کے نام پر کھجور کی آدھی پھانک یا سوکھی روٹی یا گھونٹ پانی و شربت و دودھ
خیرات کرنے سے بھی ثواب ملتا ہے تو عمدہ لذت دار تحفہ نفیس غذائین جیسے کھیر پوریان
مرغ روٹی کھچڑا کھچڑی چکولیان چونگے بتی روٹ سوجی حلوا وغیرہ کھلانے سے ثواب
کیسے نہ ملیگا بلکہ زیادہ ملیگا کیونکہ خدا کے نام پر جتنا بھی زیادہ خرچ ہوگا اتنا ہی زیادہ

خرچ ہوگا اتنا ہی زیادہ ثواب ملیگا اسمین کچھ شک وشبہ نہین لیکن اسکو ضروری
نہ سمجھے ایک ایک شخص کیلئے ایک ایک قسم کی غذا ثواب رسانی کیلئے خاص کرلینا
اور اسکو ضروری ولازمی سمجھنا اور جعفر صادق رضی اللہ عنہ وبی بی رابعہ بصری رضی اللہ عنہا
کی ثواب رسانی کیلئے گوشت پکوانے کو برا اور منع سمجھنا سفرہ پر سے برتن کو ہٹانے
اور اٹھانے سے منع کرنا کھانا نی پہننا چھونا کی پابندی کرنا بلاقید بغیر غسل کے کھانے د
پکانے کو منع سمجھنا اور جسکے گھر مین اگر کوئی مرا ہو تو اسکو طعام فاتحہ نہ کھلانا اور گائے
بھینس کے گوشت سے فاتحہ قبول نہین ہوتی کہنا اور جس گھر مین زچگی ہوئی ہو انکو
نہ کھلانا اور حائضہ عورت کو طعام فاتحہ نہ کھلانا۔ طعام فاتحہ گھر کے باہر لیجانے کو
منع کرنا اور اسی قسم کے فضول کامون کو ضروری سمجھنا سراسر حماقت و نادانی ہے شریعت
مین ایسے لغو اور باطل کامون کے جواز کی کوئی دلیل نہین صرف ثواب رسانی کا ثبوت
ہے باقی بیہودہ رسوم وفضول پابندی ہرگز نکرے **سوال** کیا فاتحہ خوانی کے لئے وضو
ضروری ہے اور عورتین بھی فاتحہ پڑھ سکتی ہین یا نہین **جواب** جبکہ عورت اور
مرد ہر دو پر نماز پڑھنا فرض ہے تو فاتحہ خوانی ایک افضل کام ہے پس عورت ومرد
ہر دو فاتحہ خوانی کرسکتے ہین اور فاتحہ پڑھنے کیلئے وضو کرنا ضروری نہین کیونکہ قرآن
شریف بے وضو پڑھنا درست ہے مگر چھونا درست نہین **سوال** شعبان کی تیرہوین کی
صبح کو عرفہ سمجھکر دردی یعنی پھول وسبزہ قبرون پر ڈالنا اور شام کو مردون کی
فاتحہ خوانی مین فاتحہ پڑھنے والا (ہون یا ہان) کا اشارہ کرے تو ایک ایک حقدار
وامیدوار کا نام گن گن کر لینا اور ہر نام لینے کیوقت عود انگار مین ڈالنا اور مخصوص
حلوا چپاتی پکانے کو ضروری سمجھنا کیا یہ امور صحیح وجائز ہین **جواب** پھول و

سبزہ یا اور کوئی خوشبو کی چیز قبروں پر ڈالنا مضائقہ نہیں لیکن تیرھوین[۱۳] شعبان
کی خصوصیت کچھہ ثابت نہیں اس روز کو عرفہ سمجھنا بھی حماقت ہے نوین ذوالحجہ کو
عرفہ صحیح ہے اور ایک ایک کا نام گن گن کر لینا بھی ضروری نہیں خدا کے نام پر بیچنے سلوا
چپاتی ہو یا اور کوئی غذا ہو سب کا ثواب ملتا ہے لیکن کسی خاص غذا میں ثواب
کی زیادتی دکمی کا اعتقاد نرکھے سوال اکثر لوگ بہت شوق و محنت سے پیسے
خرچ کر کے کھانا تیار کرتے ہین اور بہت خوش اعتقادی کیساتھ قل درود پڑھتے ہین
یا کسی سے پڑھواتے ہین مگر کھانا تو خود گھر والے کھا جاتے ہین خدا کے نام پر
محتاجون کو نہین کھلاتے ہین پس اس فاتحہ سے کیا فائدہ ہوگا جواب اگر
قل درود گھر والا پڑھتا ہے تو صرف قل درود کا ثواب ملیگا اگر کوئی دوسرا
پڑھتا ہے تو اسکو ثواب ملیگا ہر حال مین جبتک خدا کے نام پر محتاجون کو کھانا نہ
کھلایا جاوے کھانے کا ثواب ہرگز نہ ملیگا سوال سوم - دہم - بستم - چہلم - ششماہی
برسی و عرس ایام مقررہ مین کرنا جائز ہے یا نہین جواب ثواب رسانی ہر وقت
درست ہے تاریخ و دن کا مقرر کرنا اگر ثواب رسانی کے اہتمام و مصلحت کے لئے
ہو تو مضائقہ نہین کیونکہ جبتک تاریخ و دن کا تقرر نہین ہوگا کسی کام کا اہتمام و خیال
نہین رہتا اور حدیث شریف سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
ہر سال کی ابتدا مین شہدائے اُحد کی قبرون کے زیارت کیلئے تشریف لاتے تھے
اس سے برسی کا ثبوت ہوتا ہے اور پندرہوین شعبان کی شب کو بھی قبرونکی
زیارت کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ثابت ہے پس تعین تاریخ مین کوئی قباحت
نہین لیکن ان ایام و اوقات مقررہ مین ثواب کی زیادتی کا اعتقاد نرکھے سوال بزرگان

دیتے کی بتہ ؟ کی فاتحہ کو کسلئے عرس کہا جاتا ہے جواب اسلئے کہ حدیث شریف
مین آیا ہے کہ جب نیک بندہ خدا کا قبر مین فرشتون کو جواب صحیح دیتا ہے تو فرشتے
خوش ہوکر کہتے کہ نم کنومة العروس یعنی تم عروس کے مانند آرام کرو
پس عرس کا نام نومة العروس سے لیا گیا ہے دوستان خدا کے لئے
موت کا دن خدا کے وصال کا دن ہے جس روز محبوب حقیقی کا وصال ہوا اس سے
زیادہ اور کیا عروسی ہوگی اسلئے موت کی تاریخ مین ہی عرس کیا جاتا ہے
اس مین کوئی قباحت نہین مگر ناجائز کام نکئے جائین طواف قبور سجدہ قبور
طوائف کا گانا ناچنا سب حرام وناجائز امور ہین اس سے اجتناب ضروری ہے

بیان شب براءت وشب قدر

سوال شب براءت مین کیا کام کرنا چاہئے جواب شب براءت بہت مبارک
رات ہے اس رات مین اللہ تعالیٰ بندون کی روزی موت وحیات سعادت
وشقاوت وغیرہا سال آئندہ تک کا فیصلہ کرتا ہے حدیث شریف مین آیا ہے
بنی کلب کے بکریون کے بالون کی گنتی سے بھی زیادہ بندون کی براءت اور مغفرت
ہوتی ہے اسلئے اس رات مین جناب باری مین آہ وزاری کرکے اپنے جملہ گناہون
سے توبہ استغفار کرے اور یہہ دعا کرے اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ
فَاعْفُ عَنِّیْ اے میرے اللہ تو بہت عفو کرنیوالا ہے تو عفو کو دوست رکہتا ہے
پس مجہہ سے درگذر کر اور مجہکو بخشدے اگر میرا نام شقیا اور بدبختون کے دفتر مین
لکہا ہے تو اس دفتر سے میرا نام مٹا کر سعیدون اور نیک بختون کے دفتر مین میرا
نام لکہدے اور سید الاستغفار پڑہنا بھی مناسب ہے سید الاستغفار یہ ہے

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَ
اَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ
شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِیْ
فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ترجمہ اے میرے
اللہ تو میرا رب ہے تیرے سوائے کوئی معبود برحق نہیں تو نے مجھ کو
پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد و وعدہ پر ہوں جتنا مجھ سے
ہو سکا میں تیری پناہ میں آتا ہوں میرے عمل کی بدی سے تیرے لئے اقرار
کرتا ہوں تیری نعمت کا جو میرے پر ہے اور میرے گناہ کا اقرار کرتا ہوں
اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں پس تو مجھے بخشدے کیونکہ تیرے سوائے
گناہوں کا بخشنے والا کوئی نہیں ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو
سید الاستغفار دن میں یا شب میں ایکبار اگر کوئی یقین و اعتقاد سے
پڑھیگا تو بیشک جنتی ہوگا عام اس سے کہ وہ دن میں مرے یا رات میں مرے
پس طالب جنت کو ضرور ہے کہ سید الاستغفار ہر دن و ہر شب پڑھے
شب برات اور شب قدر دونوں راتوں میں اسی موافق عمل کرے شب
برات میں بعد نماز عشاء کے اہل قبور کی زیارت کرنا اور انکے لئے مغفرت
کرنا چاہیئے اور شب برات و شب قدر میں نفل دوگانے جتنے چاہے پڑھے
کوئی تعداد خاص سے حدیث سے ثابت نہیں جماعت کیساتھ نفل دوگانے
پڑھنا مکروہ ہے بہتر ہے کہ صلواۃ التسبیح اکیلے پڑھے۔

صلاۃ التسبیح

چار رکعت صلاۃ التسبیح پڑھتا ہوں واسطے اللہ کے منہ طرف قبلہ کے اللہ اکبر
کہکر نیت باندھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ و ضم سورہ کے بعد سُبْحَانَ اللّٰہِ

والحمد للّٰہ ولا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر پندرہ بار پڑھے پھر رکوع
مین سبحان ربی العظیم تین بار کہنے کے بعد دس بار سبحان اللّٰہ والحمد
للّٰہ ولا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر پڑھے پھر رکوع سے سر اٹھا کر قومہ مین کھڑا
رہکر وہی سبحان اللّٰہ آخر تک دس بار پڑھے پھر سجدہ مین سجدہ کی تسبیح کے
بعد وہی سبحان اللّٰہ آخر تک دس بار پڑھے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر جلسہ مین
وہی سبحان اللّٰہ دس بار آخر تک پڑھکر دوسرے سجدہ مین سجدہ کی تسبیح کے
بعد وہی سبحان اللّٰہ آخر تک دس بار پڑھے پھر دوسرے سجدہ سے سر اٹھا کر
بیٹھکر وہی سبحان اللّٰہ آخر تک دس بار پڑھکر دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو وے
پس اس حساب سے ہر رکعت مین پچھتر بار سبحان اللّٰہ آخر تک تسبیح ہوتی ہے
کل چار رکعت کے تین ۳ سو تسبیح ہوتے ہین پہلے قعدہ اور دوسرے قعدہ مین سبحان
اللّٰہ آخر تک دس بار پڑھکر بعد تشہد پڑھے فائدہ واضح ہو کہ صلوٰۃ التسبیح کی حدیث
شریف سے بہت فضیلت ثابت ہے رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے اپنے
چچا حضرت عباس رضی اللّٰہ عنہ کو فرمایا کہ اے میرے چچا کیا مین تمکو ایسا عمل نہ بتاؤن
کہ جس کے کرنے سے اگلے پچھلے چھوٹے بڑے خفیہ علانیہ جانکر یا نہ جانکر کئے ہوئے گناہ
سب خدا بخشدیگا وہ صلوٰۃ التسبیح ہے یہہ نماز اگر ہر روز ایکبار پڑھنا ہو سکے تو
بہتر ورنہ ہفتہ مین ایکبار اگر ہفتہ مین ایکبار نہو سکے تو مہینے مین ایکبار پڑھے اگر
مہینے مین ایکبار نہ ہو سکے تو سال مین ایکبار پڑھے اگر سال مین ایکبار بھی نہ ہو سکے تو
عمر مین ایکبار پڑھے - یہ حدیث شریف مین ہے - پس اس سے زیادہ اور کیا فضیلت ہوگی

مسائل غسل

سوال - غسل مین فرض کتنے اور کیا کیا ہین جواب غسل مین تین ۳ فرض ہین
(۱) کلی کرنا (۲) ناک مین پانی ڈالنا (۳) تمام جسم کے ظاہری حصہ کا سر سے

پیر تک دہونا اس طرح کہ بال برابر کوئی حصہ بدن کا خشک نہ رہنے پائے **سوال** غسل مین سنتیں کتنی اور کیا کیا ہین **جواب** غسل مین پانچ سنت مین (۱) دونون ہاتھون کو تین بار دہونا (۲) استنجا کرنا یعنی خاص حصہ کا دہونا (۳) مقام نجاست کو دہونا (۴) وضو کرنا (۵) تمام بدن پر تین بار پانی ڈالنا **سوال** غسل کا طریقہ اور اُسکے احکام بیان کرو **جواب** جو شخص غسل کرنا چاہے اُسکو چاہیئے کہ کوئی کپڑا لنگی وغیرہ باندہکر نہائے اور اگر برہنہ ہوکر نہائے تو ایسی جگہہ جہان کسی نامحرم کی نظر نہ پہنچ سکے عورت کو برہنہ نہانیوالے کو بیٹھکر نہانا چاہیئے اور برہنہ نہانیوالے کو قبلہ کی طرف منہ نہ کرنا چاہیئے سب سے پہلے پیشاب وغیرہ سے فارغ ہوکر دونون ہاتھون کو پہنچون تک تین بار دہوئے اور اُسکے بعد اپنے خاص حصہ کو معہ خصیتین کے دہوئے اسکے بعد اگر جسم پر کہین نجاست حقیقیہ ہو تو اُس کو دہو ڈالے اسکے بعد ہاتھون کو مٹی سے ملکر دہوئے اور پورا وضو کرے لیکن اگر کسی ایسے مقام پر نہائے جہان غسل کا پانی جمع رہتا ہو تو پیرون کو فراغ غسل دوسری جگہہ ہٹکر دہولے اس وضو مین سوائے بسم اللہ کے کوئی دعا نہ پڑہے وضو کے بعد پہلے سر پر پانی ڈالے پھر داہنے شانے پر پھر بائین شانے پر اسطرح کہ جسم کا ظاہری حصہ بال برابر خشک نہ رہنے پائے کے بالون کا بھگونا اگرچہ اُن مین گوند یا خطمی لگی ہو فرض ہے اگر کسی نے بالون کا جوڑا باندہا ہو یا گوندہے ہوئے بال ہون تو اُن کا کہول کر تر کرنا واجب ہے عورت کے بال اگر گوندہے ہون تو اُن کا کہولنا ضروری نہین مگر اُن کی جڑون مین پانی پہونچانا ضروری ہی ڈاڑہی مونچھ اگر گھنی ہون تو اُن کے نیچے کی سطح کا دہونا فرض ہے ناف کا دہونا فرض ہے ناک کے اندر جو میل جم جاتا ہے اسکو چھوڑا کر اسکے نیچے کی سطح کا دہونا واجب ہے انگوٹھی اگر تنگ ہو

یا کان کے سوراخوں میں بالیاں ہوں کہ بغیر حرکت دینے کے پانی جسم تک نہ پہنچے تو اُن کا حرکت دینا اور سوراخوں میں بالیاں نہ ہوں تو اُن میں پانی پہنچانا۔ فرض ہے جس کا ختنہ نہ ہوا ہو اسکو اس جلد کا دہونا فرض ہے۔ جو ختنہ کی کہال کے نیچے چھپی ہے پہلے بار پانی ڈالکر تمام جسم کو ہاتھوں سے ملا اسیطرح دوبار اور تمام جسم پر اُسی ترتیب سے پانی ڈالے تاکہ غیرہ، بامد تمام جسم پر پانی پہنچ جائے اسکا لحاظ رہے کہ باوجود جسم اور ہوا کے معتدل ہونیکے ایک تخفہ خشک نہ ہونے پائے سوال۔ غسل کے مکروہات کیا ہیں جواب (۱) بلا ضرورت ایسی جگہہ نہانا جہاں کسی غیر محرم کی نظر پہنچ سکے (۲) برہنہ نہانیوالے کو قبلہ رو ہونا (۳) غسل میں بسم اللہ اور دعائیں پڑھنا (۴) نہاتے وقت بغیر سخت ضرورت کے کسی سے بات کرنا (۵) جتنی چیزیں وضو میں مکروہ ہیں غسل میں بھی مکروہ ہیں سوال غسل کے فرض ہونیکی صورت کونسی ہے جواب حدث اکبر سے پاک ہونیکے لئے غسل فرض ہے حدث اکبر کے پیدا ہونیکے چار سبب ہیں (۱) قبل یا دُبر میں حشفہ یعنی خاص حصہ کے سر کا داخل ہونا خواہ انزال ہو یا نہو (۲) منی کا اپنی جگہہ سے شہوت کیساتھ جدا ہو کر جسم سے باہر نکلنا خواہ بیداری میں ہو یا خواب میں جسکو احتلام کہتے ہیں (۳) عورت کے ایام حیض کا گذرنا (۴) ایام نفاس کا گذرنا۔ سوال غسل واجب کونسے ہیں جواب (۱) میت کا غسل زندوں پر واجب ہے (۲) اُس کافر پر غسل کرنا واجب ہے جو حدث اکبر یعنی جنابت کی حالت میں مسلمان ہوا ہو (۳) جبکہ سارے بدن پر نجاست لگی ہو یا بعض میں پر نجاست لگی ہو سوال غسل سُنّت کیا کیا ہیں جواب پانچ ہیں (۱) جمعہ کی نماز کے لئے (۲) عیدین کی نماز کیلئے (۳) احرام حج یا عمرہ کے لئے (۴) وقوف عرفات کے لئے (۵) اسلام میں داخل ہونے کے بعد بشرطیکہ

حالت کفر مین اسکو حدث اکبر نہ ہوا ہو سوال نجاست جنابت و حیض و نفاس
مین کن امور کی ممانعت ہے جواب (۱) نماز کا پڑہنا (۲) دوسرا قرآن مجید کا
چھونا (۳) قرآن مجید کا بقصد تلاوت پڑھنا مگر جو عورت معلّمہ ہو حیض و نفاس کی
حالت مین کامل آیت کی تلاوت کے بغیر صرف ایک ایک لفظ کرکے تعلیم
دے سکتی ہے (۴) مسجد مین داخل ہونا (۵) کعبہ کا طواف کرنا (۶) سجدہ کرنا تلاوت
کا ہو یا شکرانہ کا (۷) مرد کو حیض و نفاس کی حالت مین عورت سے جماع کرنا
(۸) عورت کو حیض و نفاس کی حالت مین روزہ رکھنا سوال غسل مین ایک خاص
نیت پڑہی جاتی ہے اگر وہ نیت کسی کو نہ آئے تو کسی اور سے پانی پر دم کراکے
ختم غسل کے وقت اسکو سر پر اور دونون شانون پر تین تین لوٹے پانی ڈال لیا جاتا ہے
اسکی نسبت کیا حکم ہے جواب یہ مسائل شرع خصوص طریقۂ غسل سے ناواقف
ہونیکا نتیجہ ہے غسل مین صرف کُلی کرنا ناک مین پانی لینا اور تمام جسم پر پانی بہانا
لازمی امور ہین کیونکہ یہی فرض ہین ان تین چیزون کے بعد اور کسی بات کی ضرورت
نہین ہے البتہ جو امور سنت ہین یعنی پہلے ہاتھ دہونا وضو کرنا مقام نجاست
دہونا استنجا کرنا بدن پر تین بار پانی بہانا (یعنی ابتدائے غسل سے آخر تک تین دفعہ مین
فراغ حاصل کرنا) انکا عمل مین لانا بھی باعث ثواب ہے لیکن ان کے بغیر بھی
غسل ہو سکتا ہے اثنائے غسل مین نیت وغیرہ کے پڑہنے کا موقع ہی کہان ہے
بلکہ بسم اللہ کے سوا اور کسی چیز کا پڑہنا مکروہ ہے غرض کوئی خاص نیت نہین ہے نہ
نیت پر غسل کا دار و مدار ہے نہ ختم غسل پر تین تین لوٹے پانی کا ڈالنا ضروری ہے
یہ سب لغویات ہین - اگر کوئی شخص ان امور کو ضروری تصور کرکے انکا اہتمام

کر لے اور اصل فرض سے ناواقف رہے جسکے باعث جسم کا کچھ حصہ کو بال برابر بھی کیوں نہ ہو خشک رہجائے تو پھر ہرگز غسل صحیح نہو گا ناپاک کا ناپاک ہی رہجاویگا اس حالت میں جنب وغیرہ کا پڑھنا کچھ فائدہ نہ دیگا مسلمان کو ضرور ہے کہ ان مسئلوں سے خود بھی واقف ہوں اور عورتوں کو بھی واقف کرین سوال کیا حالت جنابت میں بغیر غسل کئے کھانا کھایا جا سکتا ہے جواب ہان درست ہے مگر بہتر یہ ہے کہ کم از کم وضو کر لے سوال اگر عورتین مدت تک بے غسل رہتی ہین کیا جائز ہے جواب ہرگز جائز نہین جنابت کے بعد فوراً غسل کرنا مرد و عورت ہر دو پر فرض ہے بیان نکاح

سوال نکاح کسکو کہتے ہین جواب لغت مین نکاح کے معنی جماع کے ہین اور اصطلاح فقہ میں اس معاملہ کو کہتے مین جسکے ذریعہ مرد قصداً عورت سے نفع اٹھانے کا مجاز ہوتا ہے سوال نکاح کے احکام کیا ہین جواب اگر جماع کی خواہش اس درجہ غالب ہو کہ بدون نکاح زنا مین مبتلا ہو گا نیز عورت کے حقوق مہر و نفقہ وغیرہ کے ادا کرنے پر قادر ہو تو نکاح کرنا واجب ہے اور اگر اعتدال کی حالت ہو یعنی جماع کی خواہش نہ بہت غالب ہو نہ بالکل مفقود تو نکاح کرنا سنت موکدہ ہے اگر عورت کے حقوق نفقہ وغیرہ ادا نہ کر سکنے کا خوف ہو تو اس صورت مین نکاح کرنا مکروہ تحریمی اور بصورت یقین حرام ہے سوال نکاح کے ارکان کیا ہین جواب ایجاب و قبول سوال ایجاب و قبول کسکو کہتے ہین جواب مرد و عورت کا یا اُن کے اولیا یا وکلا کا دونون مین باہم زوجیت کا تعلق پیدا کرنے کا اقرار کرنا اور اقرار کرنیکی گفتگو کرنا سب سے پہلے جسکی گفتگو ہوگی خواہ وہ مرد کی ہو یا عورت کی اُس کو ایجاب کہینگے اور اُس کے بعد دوسری گفتگو کو قبول سوال ایجاب

وقبول صحیح ہونے کے لئے کتنی باتیں ضروری ہیں جواب۔ تین امر ضرور ہیں (۱) ایجاب
وقبول دونوں یا دونوں میں سے ایک ماضی کے لفظ سے ادا کیا جائے یعنی ایسا لفظ
ہو جس سے یہ بات سمجھی جائے کہ نکاح ہو چکا مثلاً عاقدین میں سے کوئی کہے کہ میں نے
اپنا یا اپنے موکل کا یا اپنی بیٹی کا نکاح تیرے ساتھ کر دیا دوسرا کہے کہ میں نے منظور کیا یا ایک
کہے کہ تو اپنا نکاح میرے ساتھ کر لے دوسرا کہے کہ میں نے کر لیا (۲) ایجاب وقبول
دونوں بذریعہ لفظ کے ادا کئے جائیں نہ بذریعہ فعل کے مثلاً کوئی شخص بغیر زبان سے
کچھ کہنے کے مہر سامنے رکھ دے اور عورت بھی زبان سے کچھ کہے بغیر مہر لے لے تو اس
صورت میں ایجاب وقبول صحیح ہوگا کیونکہ ایجاب وقبول بذریعہ لفظ کے نہیں ادا
کیا گیا بلکہ بذریعہ فعل کے ادا کیا گیا ہے جو درست نہیں ہے کتابت بھی لفظ کے
حکم میں ہے یعنی اگر کاتب مجلس عقد میں موجود نہ ہو اور اپنی تحریر دو گواہوں کو سنا دے
اور دکھا دے اور ان کو اس پر دو گواہ کر دے اور یہی گواہ [illegible] عقد میں اس کی تصدیق
کریں اگر کاتب وہاں موجود ہو تو پھر کتابت لفظ کے حکم میں نہیں ہے بلکہ فعل کے
حکم میں ہے پس ایجاب وقبول کا اس کتابت کے ذریعہ سے ادا کرنا درست نہ ہوگا
ہاں جو شخص گونگا ہو اس کے لئے ایجاب یا قبول کا بذریعہ لفظ کے ادا کرنا ضروری
نہیں بلکہ بذریعہ اشارہ کے کافی ہے بشرطیکہ وہ اشارہ پہلے سے معین ہو (۳) ایجاب
کی عبارت پوری ادا ہو چکنے کے بعد قبول کی عبارت ادا کی جائے تو ایجاب وقبول
صحیح ہوگا اور اگر کوئی شخص کسی عورت سے کہے کہ میں تیرے ساتھ نکاح کرتا ہوں سوا سو
روپیہ مہر مسلکہ عوض میں۔ عورت قبل اسکے کہ مرد سوا سو روپیہ مہر کا لفظ منہ سے نکالے
یہ کہہ دے کہ میں نے منظور کر لیا تو اس صورت میں قبول صحیح نہ ہوگا۔ کیونکہ ابھی ایجاب کی

تجارت تمام نہ ہونے پائی تھی کہ قبول کی عبارت ادا کرنی گئی (۴) ایجاب و قبول دونوں ایک ہی مجلس میں ادا کئے جائیں اگر عاقدین میں سے کوئی اس مقام میں موجود نہ ہو۔ بلکہ اس نے اپنی تحریر بھیجی ہو تو وہ تحریر جس مجلس میں پڑھی جائے اُسی مجلس میں قبول کا ہونا ضروری ہے۔ ایجاب قبول کا متصل ہونا ضروری نہیں اگر ایک ہی مجلس میں ایجاب و قبول ہوں گو دونوں میں بہت کچھ فصل ہو جائے تب بھی درست ہے۔ مجلس کے ایک ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ایجاب و قبول کے درمیان میں کوئی مختلف فعل نہ ہونے پائے بیٹھے سے اٹھ کھڑا ہونا۔ کسی سے باتیں کرنے لگنا۔ سو رہنا۔ نماز پڑھنے لگنا۔ چلنا پھرنا اور اسی قسم کے افعال اگر ایجاب و قبول کے درمیان میں واقع ہو جائیں گے تو مجلس بدل جائیگی بعد ان افعال کے قبول ادا کیا جائے گا تو صحیح نہ ہوگا۔ بلکہ پھر ایجاب کا اعادہ ضروری ہے اگر عاقدین ریل جہاز کشتی پر سوار ہونے کی حالت میں ایجاب و قبول کریں تو درست ہے مگر پا پیادہ گی کی حالت میں درست نہیں (۵) ایجاب و قبول باہم مخالف نہ ہوں مثلاً کوئی مرد کسی عورت سے کہے کہ میں تیرے ساتھ سوا سو روپیہ مہر کے عوض میں نکاح کرتا ہوں عورت کہے کہ میں نے نکاح تو منظور کیا مگر یہ مہر منظور نہیں ہے تو ایسی حالتیں ایجاب و قبول صحیح نہ ہوگا (۶) ایجاب یا قبول کسی وقت پر موقوف یا کسی شرط پر مشروط نہ ہو مثلاً کوئی شخص یہ کہے کہ میں نے تیرے ساتھ نکاح کر لیا تو ان دونوں صورتوں میں ایجاب و قبول صحیح نہ ہوگا (۷) عاقدین میں سے ہر ایک دوسرے کے کلام کو سنے اگر نہ سنیگا تو نکاح نہ ہوگا (۸) ایجاب و قبول میں عاقدین کا مشخص و معلوم ہونا ضروری ہے مرد کا معلوم ہونا تو ظاہر ہے کہ حاضر مجلس رہتا ہے البتہ جس عورت سے نکاح کیا جاتا ہو وہ معین کر دیجائے خواہ اس طور پر کہ وہ

عورت خود مجلس نکاح میں حاضر ہو خواہ اپنا چہرہ کھولے یا اس طور پر کہ نام اور
اسکے باپ کا نام عقد نکاح کیوقت گواہوں اور عاقد یا ولی عاقد کے سامنے
لیا جائے اگر عورت کے نام میں یا عورت کے باپ کے نام میں غلطی ہو جائے
اور عورت مجلس نکاح میں موجود نہ ہو تو نکاح نہ ہوگا نیز غلطی سے ایک نام کے
بجائے دوسرا نام نکلجائے تو نکاح دوسرے نام ہی پر متحقق ہوگا مثلاً ایک
شخص نے اپنی دو ان بیاہی بیٹیوں حمیدہ و سعیدہ کے منجملہ سعیدہ کا نکاح
مقرر کیا مگر وقت نکاح غلطی سے حمیدہ کا نام زبان سے نکل گیا اور ایجاب
و قبول اسی نام پر ہوا تو یہ نکاح حمیدہ کیساتھ ہی متصور ہوگا۔ سعیدہ کیساتھ نہ ہوگا
(۹) ایجاب و قبول میں یا تو خاص کر لفظ نکاح و تزویج کا استعمال کیا جائے
یا اسکے ہم معنی کوئی دوسرا لفظ جو نکاح کا مطلب صریح طور پر ادا کرتا ہو مثلاً
تیرے ساتھ نکاح کیا یا تزویج کیا یا یہ کہ میں نے تجھکو اپنی بی بی بنا لیا یا میں
تیرا شوہر ہو گیا یہ (۹) باتیں صحت ایجاب و قبول کیلئے ضروری ہیں۔

سوال کیا ایجاب و قبول میں دلی رضامندی بھی شرط ہے۔ **جواب**
ایجاب و قبول کا دلی رضامندی سے ہونا شرط نہیں حتیٰ کہ اگر کوئی شخص کسی
خوف سے یا مسخرا پن میں ایجاب اور قبول کے الفاظ زبان سے نکالا
تو نکاح صحیح ہو جائیگا۔ **سوال** کیا ایجاب و قبول کا عربی زبان میں
ہونا یا ان کے الفاظ کے معنی سے واقف ہونا ضروری ہے **جواب**
ایجاب و قبول کا عربی زبان میں ہونا ضروری نہیں نیز ان کے الفاظ کے معنی
سے واقف ہونا شرط نہیں صرف اس بات کا جان لینا کافی ہے کہ

اس لفظ سے نکاح ہو جاتا ہے **سوال** نکاح کیلئے کتنے گواہ کی ضرورت
ہے **جواب** دو مرد یا ایک مرد اور دو عورت آزاد اور مسلمان عاقل و بالغ
ہوں اندھے ہوں یا فاسق ہوں رشتہ دار ہوں یا اجنبی سب کی گواہی درست
ہے فرشتوں یا خدا و رسول کی گواہی کافی نہیں کیونکہ گواہ ایسے ہونا ضروری ہے
کہ خصومت کے وقت انکو عدالت میں پیش کر سکیں **سوال** مہر کی تعریف اور
اسکے اقسام بیان کرو **جواب** مہر اس زر نقد یا جنس کا نام ہے جو نکاح
کے عوض عورت کیلئے مرد کے ذمہ مقرر کیا جاتا ہے مہر کی چار قسمیں ہیں
مہر مؤجل و مہر معجل مہر مسمی مہر مثل **سوال** کیا نکاح کیوقت مہر کا ذکر کرنا شرط
ہے اور بجز مہر کے نکاح نہیں ہوسکتا **جواب** مہر وجود نکاح کیواسطے
نہیں بلکہ بقاء نکاح کیلئے ضروری ہے پس اگر بروقت نکاح مہر کا ذکر نہ کیا جائے
یا بشرط عدم مطالبہ مہر نکاح کرلے تو نکاح ہو جائیگا لیکن مہر دینا پڑیگا یعنی
اس صورت میں مہر مثل واجب ہوگا **سوال** مہر کے کتنے شرط ہیں
جواب دو شرط ہیں (۱) مہر کم از کم دس درہم چاندی کی قیمت کا ہو (۲)
مہر از قسم مال ہو۔ یعنی مہر دس درہم ہی ہونا ضرور نہیں بلکہ جو چیز کہ مال ہو اور
اسکی قیمت دس درہم کے مساوی ہو یا زائد سب مہر ہوسکتی ہے مثلاً سونا
چاندی گھوڑا بیل بھینس زمین یا وہ منافع جنکے معاوضہ میں اجرت لیا جاتا
ہے از قسم مال سمجھے جاوینگے اور انکا مہر قرار دینا صحیح ہوگا مثلاً ملازم کی خدمت
گھوڑے کی سواری وغیرہ لیکن شراب سور مردہ وغیرہ جو چیزیں شریعت
محمدیہ میں از قسم مال نہیں ہیں مہر نہیں ہوسکتیں۔ درہم ۳ ماشہ ۱ رتی

وزن کا ہوتا ہے دس درہم کے تقریباً دو تولہ ساڑھے سات ماشہ چار رتی چاندی ہوتی ہے حسب قدرت زیادہ مہر باندھنا منع نہیں لیکن حیثیت سے زیادہ مہر مکروہ ہے افضل یہ ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بی بیوں اور بیٹیوں کے مہروں میں سے کسی مہر کو اختیار کرے مثلاً بی بی عائشہ رضی کا مہر (۴۰۰) درہم یعنی ۲۷ تولہ ۱۱ ماشہ چاندی تھا بی بی زینب رض و حفصہ رض کے مہر بھی اسی قدر تھے بی بی خدیجہ رض کا ۱۲ یا ۱۰ اوقیہ طلا یعنی ۹۱ تولہ ۸ ماشہ ۲ رتی۔ بی بی فاطمہ زہرا رض کا مہر (۴۰۰) مثقال یعنی ۱۰۴ تولہ ۲ ماشہ چاندی تھا۔

سوال کیا تحطی پروردہ لڑکیاں اور لڑکے باندی غلام کے حکم میں داخل ہیں اور انکا نکاح بحالت نابالغی ان کے مالک بحیثیت ولایت کر سکتے ہیں **جواب** ہرگز نہیں بلکہ یہ لوگ بھی حر و آزاد ہیں لونڈی اور غلام وہی ہیں کہ مسلمانوں کی فوج کفار پر غالب آکر انکی اولاد کو پکڑ کر دارالاسلام میں لا دیں یا ایک ملک کے کفار دوسرے ملک کے کفار پر غالب آکر انکی اولاد کو پکڑ لا دیں بعدہ مسلمانوں کو بیچ دیں ان دو صورتوں میں غلام اور لونڈی شرعی کہلائینگے اور ان لونڈیوں کی اولاد بھی غلام شرعی ہوتی ہے فقط اسی طرح کی لونڈیوں سے بے نکاح صحبت جائز ہے نہ تحطی پروردہ لڑکیوں سے بے نکاح صحبت جائز ہے نہ اُن کے بلوغ و رضامندی کے بغیر انکا نکاح کسی طرح انکا فرضی ولی کر سکتا ہے **سوال** نکاح کا مسنون و مستحب طریقہ بیان کرو **جواب** مستحب ہے کہ نکاح کی مجلس علانیہ طور پر منعقد کی جاوے اور خطبہ نکاح پڑھے **خطبہ نکاح** بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ

نحمده ونستعينه ونستغفره ونؤمن به ونتوكل عليه ونعوذ
بالله من شرور انفسنا ومن سيّات اعمالنا من يهده الله
فلا مضل له ومن يضلله فلا هادي له ونشهد ان لا اله الا الله
وحده لا شريك له ونشهد ان محمدا عبده ورسوله ارسله
بالحق بشيرا ونذيرا بين يدي الساعة من يطع الله ورسوله
فقد رشد ومن يعصهما فانه لا يضر الا نفسه ولا يضر
الله شيئا ونسئل الله ان يجعلنا ممن يطيعه ويطيع رسوله ويتبع
رضوانه ويجتنب سخطه فانما نحن به وله اما بعد فان خير
الحديث كتاب الله وخير الهدي هدي محمد صلى الله عليه وسلم و
شر الامور محدثاتها وكل محدثة بدعة وكل بدعة ضلالة وكل
ضلالة في النار قال الله تعالى يا ايها الناس اتقوا ربكم الذي خلقكم من
نفس واحدة وخلق منها زوجها وبث منهما رجالا كثيرا ونساء وا
اتقوا الله الذي تساءلون به والارحام ان الله كان عليكم رقيبا يا ايها
الذين آمنوا اتقوا الله وقولوا قولا سديدا يصلح لكم اعمالكم ويغفر لكم ذنوبكم
ومن يطع الله ورسوله فقد فاز فوزا عظيما يا ايها الذين آمنوا اتقوا الله
حق تقاته ولا تموتن الا وانتم مسلمون قال الله تعالى فان خفتم الا
تقسطوا في اليتامى فانكحوا ما طاب لكم من النساء مثنى وثلث وربٰع
فان خفتم الا تعدلوا فواحدة او ما ملكت ايمانكم وانكحوا الايامى
منكم والصالحين من عبادكم وامائكم ان يكونوا فقراء يغنهم الله

مِنْ فَضْلِهٖ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِيْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَقَالَ تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ فَاِنِّيْ اُبَاهِيْ بِكُمُ الْاُمَمَ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَاِنَّهٗ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَاِنَّهٗ لَهٗ وِجَاءٌ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اَلدُّنْيَا كُلُّهَا مَتَاعٌ وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِهٖ وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔ جب خطبہ تمام ہو جائے تو دولہن کا وکیل یا ولی دولہن کی اطلاع سے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنا کر دولہا سے یا اس کے ولی سے مخاطب ہو کر کہے (الفاظ ایجاب) میں نے فلانہ بنت فلاں کو بمقابلہ اس مقدار... بمہر معجل یا موجل (جو کچھ قرار پائے) کے فلاں و فلاں کی شہادت سے تمہارے یا تم جسکے ولی ہو اسکے ساتھ نکاح کر دیا۔ اسکے جواب میں دولہا یا اس کا ولی کہے کہ میں نے منظور کیا ایسی باہمی گفتگو کا نام ایجاب و قبول ہے اور صرف ایک بار کے ایجاب و قبول سے نکاح ہو جاتا ہے تین مرتبہ اسکی تکرار کرنا جیسا کہ مروج ہے بالکل بے ضروری ہے جب یہ گفتگو ہو چکی تو نکاح ہو گیا اس گفتگو میں کسی تیسرے شخص کی مداخلت کی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن جبکہ عورت یا اس کے ولی یا وکیل کو اتنا سلیقہ نہ ہو کہ خود ایجاب و قبول کر سکے یا سلیقہ ہو مگر یہ نکاح منعقد کرانیکی غرض سے کسی دوسرے شخص کو قائم کرے تو

ایسی حالت میں شرعاً دوسرے شخص کے ذریعہ ایجاب کا ادا کرنا درست وجائز ہے۔ اور بالعموم اس ملک میں ایسا دوسرا شخص نائب قاضی ہوتا ہے پس نائب قاضی یا قاری النکاح فریضہ ایجاب کو ادا کردے مگر اس صورت میں یہ شرط ہے ایجاب وقبول کے وقت خود ولی یا کیل بھی موجود رہے ختم ایجاب وقبول کے بعد حسب ذیل دعا پڑھی جائے۔ بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمَا وَبَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكُمَا وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا بِالْخَيْرِ وَأَخْرَجَ مِنْكُمَا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا مَحْفُوظًا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا أَلَّفْتَ بَيْنَ آدَمَ وَحَوَّاءَ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا السَّلَامُ۔ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا أَلَّفْتَ بَيْنَ مُوسٰى وَصَفُورَا عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا السَّلَامُ۔ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا أَلَّفْتَ بَيْنَ إِبْرَاهِيمَ وَسَارَةَ وَهَاجَرَ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا أَلَّفْتَ بَيْنَ يُوسُفَ وَزُلَيْخَا عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا أَلَّفْتَ بَيْنَ سُلَيْمَانَ وَبِلْقِيسَ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ كَمَا أَلَّفْتَ بَيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَعَائِشَةَ وَخَدِيجَةَ الْكُبْرٰى رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا أَلَّفْتَ بَيْنَ عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِينَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ۔

اسکے بعد مصری اور چھوہارہ بادام کا طبق نثار کرنا مستحب ہے

پھر دولھن کی جب جلوہ نمائی ہوتی ہے تو دولھے کو چاہیئے کہ دولھن کی پیشانی

تقريظ العلامة الاديب الامجد مولانا السيد احمد بن محمد القديمي اليمني ادام فضله الغني

نحمدك اللهم يامن نورت قلوب الشائقين بالواردات القدسية وطوقتها بدائرات الشريعة المحمدية وايدتها بروح القدس من الحضرة العلية فهي متفننة بالمواعظ البالغة مترنمة بالزواجر الدامغة داعية الى الله على رؤس الاشهاد قامعة لاهل البدعة والالحاد مزعجة لاهل الايمان الى سبيل الرشاد ونشهد ان لا اله الا الله الاحد الصمد المنان ونشهد ان محمدا عبده ورسوله المصطفى من عدنان صلى الله عليه وعلى آله البررة الاطهار وعلى اصحابه الهداة الابرار وبعد فاني تصفحت منتخب الخطب الخيرات الحسان مجموعة المولوى العلامة الاديب الفهامة الاريب الجامع بين شرفي العلم والنسب واللطف والحسب السيد مخدوم الحسيني فوجدتها قطوفا دانية قد احتوت على جمل من الايات القرانية مرتبة بالتسجعات السبحانية والوقفات الفرقانية صادعة للقلوب القاسية نافعة للاذان واعية رافعة للعوارض النفسانية واقية لمن تدبرها من اهوال الساهرة شافعة لمؤلفها وسامعها في الدنيا والاخرة ونختم بالصلاة والسلام على سيد الوجود الداعي الى دار السلام وعلى اله وصحبه البررة الكرام كتبه خادم الفقراء احمد بن محمد القديمي اليمني عفى الله عنه تمت الخطبات وعمت الخيرات والبركات فالحمد لله